Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 28 ستمبر 2026ء، 15 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 158

پنجاب میں ٹورازم کا بے پناہ پوٹینشل ہے، مریم نواز

اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر چلنے پھرنے اور غور وفکر کی دعوت دی ہے، سیاحت انسان کی فطری صلاحیتوں کو جلا بخشتی اور فکر و تدبر میں معاونت کرتی ہے

شنگھائی تعاون تنظیم کا رواں سال لاہور کو سیاحتی اور ثقافتی دارالحکومت قرار دینا خوش آئند ہے۔ قدرتی حسن سے مالا مال پنجاب کے علاقے کسی ترقی یافتہ ملک سے کم نہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

اسلام آباد: قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید سال خان کی پارلیمنٹ ہاؤس میں بلوچستان کے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یوم سیاحت پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پنجاب میں ٹورازم کا بے پناہ پوٹینشل ہے اور سیاحت کے فروغ کے لیے ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ مریم نواز شریف نے سیاحت کے پرعزم جذبے رکھنے والوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر چلنے پھرنے اور غور وفکر کی دعوت دی ہے، سیاحت انسان کی (بقیہ نمبر 7)

ایف بی آر نے ٹیکس چوری روکنے کیلئے پلان تیار کرلیا

اے آئی پر مبنی خودکار آڈٹ نظام غلط فراہم کردہ معلومات کی نشاندہی کریگا

انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات دینے والوں کے خلاف کاروائی کی جائے گی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس چوری روکنے کیلئے پلان تیار کرلیا۔ مصنوعی ذہانت پر مبنی خودکار آڈٹ نظام غلط فراہم کردہ معلومات کی نشاندہی کرے گا۔ انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات دینے والوں کے خلاف کاروائی کی جائے گی (بقیہ نمبر 8)

سی سی ڈی کے مبینہ پولیس مقابلے میں زیر حراست ملزم ہلاک

سی سی ڈی ٹیم زیر حراست ملزم کو ریکوری کے لیے لیجا رہی تھی، گھات لگائے ملزموں نے فائرنگ کر دی

لاہور (این این آئی) سی سی ڈی شیرا کوٹ کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلے میں زیر حراست ملزم محمد آصف ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق سی سی ڈی ٹیم زیر حراست ملزم کو ریکوری کے لیے لے جا رہی تھی کہ چوہنگ کے علاقے میں گھات (بقیہ نمبر 11)

کوہاٹ پولیس لائنز دھماکا سی ٹی ڈی کی تحقیقات جاری

دہشت گرد پولیس لائنز تک بارود سے بھری گاڑی اور رکشہ استعمال کر کے پہنچے، تفتیشی حکام

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ میں 18 ستمبر کو پرانی پولیس لائنز پر خودکش دھماکے سے متعلق محکمہ انسداد دہشت گردی کی تفتیشی ٹیم کی تحقیقات جاری ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشت گرد پولیس لائنز تک بارود (بقیہ نمبر 10)

اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مفت قانونی خدمات کا معاہدہ

او پی سی پنجاب اور بار کونسل کا قانونی مسائل کے فوری حل کیلئے تعاون پر اتفاق، بیرسٹر امجد ملک

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب اور پنجاب بار کونسل نے اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش قانونی مسائل کے حل اور انہیں مفت قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے باہمی تعاون پر اتفاق کیا ہے جس کے تحت پنجاب کے (بقیہ نمبر 9)

گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران آپریشن تیز کرتے ہوئے سیکورٹی فورسز نے وسیع علاقے کو کلیئر کرایا ہے

سیکورٹی فورسز کا آپریشن 70 دہشت گرد ہلاک

خفیہ اداروں نے کوئٹہ شاہان میں 'فتنہ الخوارج' اور 'فتنہ الہند' کے متعدد ٹھکانوں کی نشاندہی کی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ بنے ہوئے تھے، ترجمان پاک فوج

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان میں دہشت گردسرگرمیوں میں افغان طالبان حکومت کا ملوث ہونا امن واستحکام کے لیے خطرے کا باعث بن رہا ہے، خفیہ اداروں نے کوئٹہ شاہان میں 'فتنہ الخوارج' اور 'فتنہ الہند' کے متعدد ٹھکانوں کی نشاندہی کی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ بنے ہوئے تھے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق سیکورٹی فورسز نے 21 ستمبر 2026 کو مصدقہ انٹیلی جنس معلومات پر زیارت اور گردوٹواح کے علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن شروع کیا، آپریشن شاہان کے دوران سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو تباہ کیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں (بقیہ نمبر 15)

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت محترمہ شازیہ رضوان زین العابدین کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دے رہی ہیں۔ اس موقع پر پی پی 16 ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک رضوان افسر بھی موجود ہیں

ساہیوال میں دو سابق سیاسی عہدیدار گرفتار، پستول اور گولیاں برآمد

ساہیوال (این این آئی) سی سی ڈی پولیس نے اڈہ غازی آباد پر ضلع وہاڑی سے تعلق رکھنے والے ایک سیاسی جماعت کے دو سابق عہدیداروں محمد ندیم سرگانہ (بقیہ نمبر 13)

آبدوز "پی این ایس/ایم ہنگور" کی پہلی بار کامیاب لائیو وپن فائرنگ پر اظہار تشکر

ہدف کو مکمل درستگی سے نشانہ بنانے کی صلاحیت قابل تحسین ہے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آبدوز "پی این ایس/ایم ہنگور" کی پہلی بار کامیاب لائیو وپن فائرنگ پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آبدوز پی این ایس/ایم ہنگور کے کامیاب لائیو وپن فائرنگ کے تجربے پر (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد میں تین جدید اسپورٹس ایرینز کے قیام کا فیصلہ

اسلام آباد کے سیکٹرز I/12-D، G-11/3 مرکز اور F-8 مرکز میں کروڑوں روپے کی لاگت سے جدید اسپورٹس ایرینز بنائے جائینگے

ان منصوبوں میں انڈور سوئمنگ پولز، جم، فٹسال کورٹس سمیت تمام بین الاقوامی سہولیات فراہم کی جائیں گی، نئے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونگے

شہریوں کو بین الاقوامی معیار کی جدید اور اسٹیٹ آف دی آرٹ کھیلوں کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے کی مؤثر اور فعال نگرانی میں سی ڈی اے نے اسلام آباد میں تین جدید اسپورٹس ایرینز قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اسپورٹس ایرینز ڈی 12/1، جی 11/3 مرکز (بقیہ نمبر 1)

صوبائی وزیر اوکس چیئرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک کا پنجاب بار کونسل کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

سی سی ڈی کی کامیابی، لاپتہ ہونے والا 11 سالہ بچہ بازیاب

لاہور (آئی آئی پی) سی سی ڈی انسداد اغوا برائے تاوان سیل نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے تھانہ نشتر کالونی کی حدود سے لاپتہ ہونے والے 11 سالہ بچے نور عامر کو تلاش کر لیا۔ والدین نے بچے کے اغوا کا مقدمہ 8 روز قبل تھانہ نشتر کالونی لاہور میں درج کروایا تھا، جس کے بعد سی سی ڈی اغوا برائے تاوان سیل کی خصوصی ٹیموں نے بچے کی (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی ڈویژن کے کالجز میں تعلیمی معیار بہتر بنانے کا فیصلہ

ڈاکٹر شہناز محسن کی زیر صدارت اہم اجلاس، طالبات کی حاضری، ڈسپلن اور ہم نصابی سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت

طالبات کی ہمہ جہت شخصیت سازی کیلئے ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ اور تدریسی نظام کو مزید موثر بنانے کی ہدایات

راولپنڈی (این ای این) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین، بی بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی میں ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شہناز محسن کی صدارت میں ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا، جس میں راولپنڈی ڈویژن کے کالجز کے انتظامی وتدریسی امور، تعلیمی معیار کی بلندی اور طالبات کی فلاح و بہبود کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کے اہم نقاط اور ترجیحات تعلیمی امور کا جائزہ کالجز میں (بقیہ نمبر 3)

اسلامی جمہوریہ پاکستان کا پارلیمانی وفد، جس کی قیادت چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کر رہے ہیں، بیلاروس میں 'عظیم محبِ وطن جنگ کی تاریخ کے بیلاروسی ریاستی میوزیم' کا دورہ کر رہا ہے

خیبر پختونخوا کے بلدیاتی انتخابات کا کیس 29 ستمبر کو مقرر

چیف سیکرٹری اور سیکرٹری بلدیات کو نوٹسز جاری، ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا کے بلدیاتی انتخابات کا کیس 29 ستمبر کو مقرر کر دیا۔ الیکشن کمیشن نے چیف سیکرٹری اور سیکرٹری بلدیات کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے کے پی حکومت کو (بقیہ نمبر 20)

مورگاہ پولیس کی پتنگ سپلائر کے خلاف کارروائی، پتنگ سپلائر گرفتار، 130 پتنگیں اور 10 ڈوریں برآمد

ڈیفنس میں خواجہ سراؤں کا نوجوان پر بدترین تشدد

خواجہ سراؤں کی جانب سے کار سوار نوجوان سے پیسے مانگنے پر تلخ کلامی ہوئی

لاہور (این این آئی) ڈیفنس میں کار سوار نوجوان اور خواجہ سراؤں کے درمیان تلخ کلامی کے بعد شدید جھگڑا ہوگیا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ پولیس کے مطابق خواجہ سراؤں کی جانب سے کار سوار نوجوان سے پیسے مانگنے پر تلخ کلامی ہوئی۔ نوجوان نے (بقیہ نمبر 21)

ورلڈ ہارٹ ڈے، امراضِ قلب کی روک تھام اور صحت مند پالیسیوں کے فروغ کے لیے پناہ کی زیر اہتمام تقریب

دل کی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ پر تشویش کا اظہار

پاکستان میں بڑھتی ہوئی دل کی بیماریوں سے نمٹنے کے لیے روک تھام کلیدی حیثیت رکھتی ہے، میجر جنرل (ر) پروفیسر محمد سہیل امین

دل کی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے صحت مند طرزِ زندگی اور مؤثر غذائی پالیسیوں کا نفاذ ضروری ہے، پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن

غیر صحت بخش غذاؤں کی روک تھام کے لیے فوری طور پر "فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL)" نافذ کرنے کا مطالبہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام ورلڈ ہارٹ ڈے کے سلسلے میں ایک آگاہی تقریب منعقد ہوئی، جس کا مقصد پاکستان میں دل کی بیماریوں اور دیگر غیر متعدی امراض (NCDs) کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو اجاگر کرنا تھا۔ صحت کے ماہرین، ڈاکٹروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ افراد نے لوگوں، خصوصاً بچوں اور نوجوانوں کو قابلِ تدارک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے صحت مند طرزِ زندگی اور مؤثر عوامی صحت کی پالیسیوں کی ضرورت پر زور دیا۔ کمانڈنٹ و ایگزیکٹو (بقیہ نمبر 4)

پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام ورلڈ ہارٹ ڈے کے سلسلے میں ایک آگاہی تقریب کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

کندھ کوٹ، معمولی بات پر دو فریقین میں جھگڑا، دو افراد زخمی

کھوسو اور مشوری برادری کے دو فریقین کے درمیان مبینہ طور پر جھگڑا ہو گیا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں اے سیکشن تھانے کی حدود غریب آباد محلے میں سرکاری کنوؤں کے قریب نبی بخش کھوسو کی دکان پر ایک چھوٹے بچے کی بات پر کھوسو اور مشوری برادری کے دو فریقین کے درمیان مبینہ طور پر جھگڑا ہو گیا۔ جھگڑے کے (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر 35 کلو چرس اسمگلنگ کی کوشش ناکام، ملزم گرفتار

برآمد شدہ چرس کی تخمینہ شدہ مالیت 66 کروڑ روپے ہے، پاکستان کسٹمز

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پاکستان کسٹمز نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 35 کلوگرام چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ کسٹمز حکام کے مطابق کارروائی قابلِ اعتماد انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی گئی۔ پرواز (بقیہ نمبر 17)

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ مزار بی بی پاکدامن کے فیز ٹو کے تحت جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں

34 سالہ شخص کی سیکورٹی عملے کی تحویل میں پراسرار ہلاکت

مقدمہ قتل بالسبب کی دفعہ 322 کے تحت درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ روات کے علاقے میں مبینہ تشدد کے شکار 34 سالہ شخص کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے سیکورٹی عملے کی تحویل میں پراسرار ہلاکت کا واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس نے مقتول عدنان یوسف کے بھائی شہزاد یوسف کی مدعیت (بقیہ نمبر 18)

ڈیزل کی بذریعہ ریل ترسیل کا آغاز کر دیا گیا

راولپنڈی سے ساڑھے سات لاکھ لیٹر ڈیزل لے کر مال گاڑی پشاور رینج پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر ڈیزل کی بذریعہ ریل ترسیل کا آغاز کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی نگرانی میں ریلوے نے پی ایس او ڈپوز کو ڈیزل کی ترسیل شروع کر دی ہے۔ راولپنڈی سے ساڑھے (بقیہ نمبر 19)

پٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف جماعت اسلامی کا احتجاج

گھنٹہ گھر چوک پر جماعت اسلامی ضلع کشمور کے زیر اہتمام احتجاج، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد میں شرکت

حکمرانوں سے پٹرولیم مصنوعات اور توانائی کی قیمتوں میں کمی، اضافی ٹیکسوں کے خاتمے اور مطالبات نہ ماننے پر اسلام آباد دھرنے کی تیاری کی تنبیہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) جماعت اسلامی پاکستان کی اپیل پر ملک بھر کی طرح کندھ کوٹ میں بھی پٹرول بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے مختلف ٹیکسز و لیوی کے خاتمے اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ جماعت اسلامی ضلع کشمور کے زیر اہتمام گھنٹہ گھر چوک پر ہونے والے احتجاج میں جماعت اسلامی کے کارکنان خواتین اور بچوں سمیت شہریوں نے شرکت کی اور اپنے مطالبات کے حق میں آواز بلند کی احتجاج کے دوران شرکاء نے ہاتھوں میں جماعت اسلامی کے پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ خواتین بچوں اور کارکنان نے زنجیر بنا کر احتجاج ریکارڈ کرایا مظاہرین نے پٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی اضافی ٹیکسز اور لیوی کے (بقیہ نمبر 2)

محکمہ جنگلات کے معاملات پر گل خان کے تحفظات اور محکمانہ مؤقف

چوآسیدن شاہ میں محکمہ جنگلات سے متعلق شکایت، سیکرٹری فاریسٹ، چیف کنزرویٹر راولپنڈی اور ڈی ایف او چکوال سے ریکارڈ کی جانچ کا مطالبہ

لکڑی سے لدی گاڑیوں کی مبینہ آمدورفت کا معاملہ، گل خان کا شفاف انکوائری اور چار ماہ کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) شکایت کنندہ گل خان نے محکمہ جنگلات چکوال کی تحصیل چوآسیدن شاہ سے متعلق بعض معاملات پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ویڈیو بیان میں الزام عائد کیا ہے کہ مبینہ طور پر 10 سے 15 ٹرک بغیر پرمٹ لکڑی لوڈ کر کے گزرتے رہے، جبکہ ان کے خلاف کارروائی اور جرمانوں کے حوالے سے بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ شکایت کنندہ کا کہنا ہے کہ میرٹ پر (بقیہ نمبر 5)

بروقت سامان فراہم نہ کرنے پر پی آئی اے پر جرمانہ عائد

اسلام آباد ایئرپورٹ پر 70 لاکھ، لاہور ایئرپورٹ پر 41 لاکھ 58 ہزار روپے جرمانہ عائد

لاہور (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے مسافروں کو بروقت سامان فراہم نہ کرنے پر پی آئی اے پر بھاری جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ دستاویز کے مطابق اتھارٹی کی جانب سے وارننگ کے باوجود ابھی تک جرمانہ ادا نہیں کیا گیا۔ ڈرائع کے مطابق مختلف پروازوں میں آپریشنل بے ضابطگیوں اور گراؤنڈ ہینڈلنگ کے مسائل کے باعث سامان کی ترسیل میں تاخیر ہوئی جس میں ایئرلائن کو مالی جرمانہ برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ ڈرائع کے (بقیہ نمبر 22)

حکومت کی جانب سے مذاکرات کیلئے چینل کھلا ہے، چودھری سالک حسین

گجرات (این این آئی) وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانی چودھری سالک حسین نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے لئے چینل کھلا ہے۔ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانی چودھری سالک حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کے لئے (بقیہ نمبر 23)

سرگودھا لوئر سکیل ملازمین کے مسائل کے حل کی یقین دہانی

لوئر سکیل ایمپلائز ایسوسی ایشن کے وفد کی سی ای او ایجوکیشن اظہر سہیل خان نیازی سے ملاقات، مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا عزم

پروموشن ٹیسٹ کی حتمی تاریخ مقرر کرنے اور کنٹریکٹ ملازمین کے آرڈرز بروقت جاری کرنے کا مطالبہ

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) لوئر سکیل ایمپلائز ایسوسی ایشن ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سرگودھا کے وفد نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سرگودھا اظہر سہیل خان نیازی سے ملاقات کی وفد کی قیادت صدر چوہدری اللہ یار گوندل جنرل سیکرٹری مہر امجد سپرا اور سرپرستِ اعلیٰ رانا عبدالستار نے کی ملاقات کے دوران وفد نے محکمہ تعلیم کے لوئر سکیل ملازمین کو درپیش مختلف مسائل سے سی ای او ایجوکیشن کو آگاہ کیا وفد نے مطالبہ کیا کہ پروموشن ٹیسٹ کے لیے ٹائپنگ ٹیسٹ کی تاریخ ایک سال سے دی (بقیہ نمبر 6)

لوئر سکیل ایمپلائز ایسوسی ایشن ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سرگودھا کے وفد کا چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سرگودھا اظہر سہیل خان نیازی سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نیا نصاب

پنجاب کے سرکاری سکولوں میں مونٹیسوری سے پانچویں جماعت تک نصابی کتب کا بوجھ 25 فیصد کم کرنے اور جدید ٹیکنالوجی کو تعلیم کا حصہ بنانے کی منظوری خوش آئند ہے۔ یہ فیصلہ اس امر کا عکاس ہے کہ صوبے میں روایتی طرزِ تعلیم سے آگے بڑھنے کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پنجاب سمیت ملک بھر میں ایک عرصے سے ایسا تعلیمی نظام رائج ہے جس میں بچوں پر نصاب کا غیر ضروری بوجھ ڈالنے اور معلومات یاد کرنے کو سیکھنے پر فوقیت حاصل رہی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بہت سے نوجوان تعلیم حاصل کرنے کے باوجود عملی زندگی کی ضروری مہارتوں اور جدید علوم سے محروم رہتے ہیں۔ تاہم اصل امتحان صرف نیا نصاب تیار کرنا نہیں بلکہ اسے مؤثر انداز میں لاگو کرنا ہے۔

نئے مضامین اور جدید ٹیکنالوجی اسی وقت نتیجہ خیز ثابت ہوں گے جب سرکاری سکولوں کے اساتذہ خود ان پر دسترس رکھتے ہوں۔ حکومت کو چاہیے کہ نصاب کی تبدیلی کیساتھ اساتذہ کی مسلسل تربیت، مجموعی تعلیمی معیار کی بہتری، جدید تدریسی طریقوں، مناسب تعلیمی سہولیات اور طلبہ کی عملی مہارتوں پر یکساں توجہ دے۔ بچوں پر بھاری بستوں کا بوجھ کم کرنا یقیناً ضروری ہے مگر اس سے کہیں زیادہ ضروری یہ ہے کہ ان کے ذہنوں پر رٹے کا بوجھ کم کر کے انہیں سوچنے، سمجھنے، سوال کرنے، تحقیق کرنے اور عملی مسائل حل کرنے کے قابل بنایا جائے۔

"اندھیرے سے روشنی تک"

تحریر: سیّدہ نزہت ایوب کاظمی
، شہر: اسلام آباد

زندگی، محبت کوشش، جستجو جنون چاہے کچھ بھی ہو عنصر، جب تک بے نام ہوں ادھورے رہتے ہیں۔ یہ ماننا پڑے گا ہر اِنسان کی زندگی بہت سی کہانیوں، افسانوں اور داستانوں کا منبع ہے۔ میں نے کہیں پڑھا تھا کہ یہ دنیا ایک سٹیج ہے جہاں قِسم، قِسم کے لوگ اپنا، اپنا کردار نبھاتے ہیں چلے جاتے ہیں، میں یہ نہ مانتی مگر موت اِس بات کی تصدیق کرتی ہے۔ جب قُرآن میں ہے کہ میں نے اِس دنیا کو لہو ولعب کے لئے پیدا نہیں فرمایا، تو بھی یہ بات کیوں بھول جاتے ہیں، جبکہ قُرآن بھی روز پڑھتے ہیں (اس کا مطلب ہے ہم پڑھتے ہیں سمجھتے نہیں) پھر یہ نفسا نفسی کیسی، برتنے کی اشیاء سے محبت کیوں اور محبت بھی ایسی کہ مائیں اپنی بیٹیوں کے پیدا ہونے سے لیکر شادی تک بیٹی (کا جہیز) کے لئے سامان اکٹھا کرنے میں لگی رہتی ہیں۔ بیٹی کی تربیت یا پرورش پر دھیان ہی نہیں بچی کو کیا کھلایا پلایا فکر ہی نہیں بس کہیں سے کچھ زیادہ رقم ملی جلدی سے جہیز کا سامان اُٹھا لائیں، یہاں انتہائی کرب کیساتھ کاش ہم مائیں اپنی بیٹی کو کھلانے پلانے کی طرف توجہ دیا کریں جہیز پر نہیں کیونکہ جس چیز کی اللہ نے ہم سے پوچھ کرنی ہے وہ جہیز ہر گز نہیں بلکہ یہ پوچھا جائے گا کہ بچی کی خاطر داری کی اُس کے پیدا ہوتے ہی خوارک کا، تربیت کا کتنا خیال رکھا کہ اُس نے نسلوں کو نہ صرف پیدا کرنا تھا بلکہ پالنا بھی تھا، سچ بات ہے اللہ کے قانون کہ برخلاف ہم اِنسان چل رہے ہیں۔ اور اُس پہ ظلم یہ کہ ہمیں اِس بات کی فکر ہی نہیں کہ ہم اپنے ہی ہاتھوں سے خود کو تباہ کر رہے ہیں، اِس سب سے بے فکر ہم بس سامان، سامان اور بس سامان ہی اکٹھا کرنے میں لگے رہتے ہیں اور وہ برتنے والی چاہ ہے عین موقعے پر چل بسے پھر اُس کے جہیز کو دیکھ، دیکھ روتے رہتے ہیں۔ ہم اور ہماری مائیں، سچ کہوں تو بیٹیوں کا جہیز اکٹھا کرنے کی آڑ میں لالچ، حرص، طمع، خود غرضی اور ہوسِ دُنیا قطرہ، قطرہ بیٹیوں کو پلا کر پالتی ہیں۔ تبھی تو دامنِ اعمال خالی اور ہمارے گھر، کمرے ساز و سامان سے بھرے پڑے ہیں طبیعتیں، تربیت کی خرابی کا شکار ہیں۔ جب ایسی صورتِ حال ہو تو معاشرہ بدنما ہی ہو گا۔ بدنمائی بڑھانے میں تو ہر دوسرا اا یکدوجے سے دوچار ہاتھ آگے ہی ہے۔ معاشرتی بدنمائی کے جرمدار معاشرے کے افراد ہی ہیں۔ جسے خود ہی دور کریں تو کریں، بدنمائی۔ مگر معاملہ اس کے برعکس ہے۔ محترم قاری جب سے پاکستان بنا ہمیں اپنی اپنی من پسند سیاسی پارٹی کے نعرے بلند کرنے کی لت لگی ہے وہ نعرے کیسے ہیں، کیوں ہیں ملکی مفاد اُن سے کتنا جُڑا ہے، جُڑا بھی ہے یا نہیں، (نعروں کیساتھ بھلا ملکی مُفاد کیا ہوسکتا ہے) کیا انسانیت کا معیار بڑھتا ہے، یا حُکمِ خُداوندی جھلکے، اِس سے کوئی غرض نہیں۔ جبکہ دین تو کہے کہ اپنی اپنی ضروریات کے تحت چلو پھر بے جا کی خواہش کیسی۔ پاکستان بننے سے پہلے کی بات اور تھی، چونکہ الگ اِسلامی ریاست اب مسلمانوں کی ضرورت تھی، وہ الگ بات کہ سُننے میں اِک یہ بھی آتا ہے کہ انگریز بھادر یہاں سے جا رہا تھا اور اُس نے برِصغیر کے ٹکڑے کرنے ہی کرنے تھے، مگر مسلمانوں کا جینا دوبھر تھا پھر لوگوں کو جو ٹھیک لگا انہوں نے کیا۔ قُربانیاں دیں، (ہر قسم کی) ہمارے بڑوں نے بھی دیں۔ بلکہ ہر ہجرت کر کے بھارت سے آنے والے نے لازوال قُربانیاں دیں۔ بے شک اُس خالقِ اعظم کی عظیم نعمت ہے کہ وہ دی قُربانیاں رائیگاں نہ گئیں۔ آج آزاد، باوقار اِسلامی ریاست کا پرچم بڑے فخر کے ساتھ، مُلکوں کے پرچموں میں لہرا رہا ہے۔ اگر کہوں سب میں سُر بلند ہے تو زیادہ مناسب لگے گا۔ پتہ نہیں کیوں ہم سچ کہتے شرماتے کیوں ہیں اور بولتے ڈرتے کیوں؟ اے میرے محترم و باادب قاری یہ کڑواسچ ہے کہ سب نے اِس خِطّے سے اپنا، اپنا ذاتی مُفاد حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کی، کر رہا ہے۔ مگر اِسے دیا بہت کم بلکہ نہ ہونے کے برابر (یاد رہے یہاں بات محافظانِ پاکستان کی نہیں ہو رہی) یہ ایک زرعی خطہ تھا، بچا کر رکھتے، مگر کِسانوں نے زیادہ اور بروقت کے لالچ میں کھلیان ہوسِ زَر کی آگ میں جھونک دیئے۔ چاہے یہ فیصلے اُن سے اُن کی اولادوں کی آرام طلبی و آسائشوں نے کرائے مگر ہوئے۔ آج کھیتی باڑی کے نام پر مذاق رہ گیا۔ اِنسان فطرت کے برخلاف چلا۔ یہ زمین کتنی ضرورتیں پورا کرتی تھی، زندگی سیدھی اور سادہ تھی، سب ختم ہوا۔ لوگوں نے اپنے ہی ہاتھوں سے اپنا گلشن اُجاڑ دیا اپنی، اپنی سیاسی پارٹی کو پیارا کرتے ہوئے بدخوئیاں رہ گئیں تو ملکی محافظوں کے لئے۔ وہ جو جان ہتھیلی پہ رکھے اِس کی حفاظت کر رہے تھے، کر رہے ہیں ہر طرح سے بدخُو ٹھہرے اور یہ پارسا۔ اچھا یہاں میں ایک دِلچسپ بات ضرور درج کرنا چاہوں گی، کہ وہ بُرے ہوئے اور یہ سب اچھے، واہ اِن کی اچھائی کے کیا ہی کہنے اور اُن کی برائی اُن کے اعلیٰ معیار سے بھی چھلکے۔ ہاں، ہاں سچ کہتی ہوں۔ واقعہ بیان کروں، دو یا تین سال کی عُمر سے ہی مابدولت کو شہادت ملے بہت شوق تھا، پتہ چلا کہ اِس کے لئے تو فوج میں بھرتی ہونا پڑتا ہے اور فوج میں تو لڑکے جاتے ہیں، اِس بات کا دُکھ پہنچا۔ یہ سن اور ایسی لگن، (سبھی بڑے بھائی تھے ایسی خواہش کے دیکھا دیکھی تو ایک بھائی کو فوج میں جانے کا بہت عرصہ جنون بھی رہا) عُمر بڑھتی رہی، شوق پلتا رہا (فوج اور جنگی جہازوں سے اُنسیت کے ساتھ، ساتھ) زندگی کہاں رُکتی ہے، بندے تھک کر ہارے ہیں یہ تو ہزار نشیب و فراز عبور کرتی بھاگے ہی جاتی ہے۔ قدرت نے جیسے ہی پہلے بیٹے سے نوازہ دِل نے فیصلہ کیا (جی بالکل دِل بھی فیصلے کرتے ہیں) یہ فوج میں جائے گا۔ بچہ بھی گویا کہ فوجی بننے کا جذبہ لے کر ہی پیدا ہوا تھا۔ دِلچسپ یہ نہیں جو درج کیا، بلکہ اصل کہانی تو تب کی ہے جب وہی بچہ ایف اے کے بعد فوج میں بھرتی کی گزارش جمع کرانے کے بعد اس اہل ہوا کہ بھرتی کے لئے مکمل چھان پھٹک میں دوسرے نوجوانوں کیساتھ اُس کا بھی نام آ گیا۔ مقررہ تاریخ کو بچہ وہاں پہنچ گیا جہاں سنئیر فوجی بھرتیاں کر رہے تھے۔ اور میں مُصلیٰ بچھائے گھر میں اُس کی بھرتی ہو جائے دعائیں مانگ رہی تھی۔ محترم قاری، میں نے اُس دِن بیٹے کے آنے پر اُس کے کانوں سے دھواں نکلتے، یوں اوسان خطا دیکھے جیسے وہ بڑوں کی بیٹھک سے اُٹھ کے آیا ہو، جہاں پہ سبھی چھوٹے حاضر تھے، اور کچھ چھوٹوں کے کان کھینچتے دیکھ کر باقی کان سہلاتے ہوئے گھروں کو لوٹے ہوں۔ آتے ہی بولا اماں جی توبہ، توبہ بہت کڑے مراحل سے گزرنا پڑتا ہے بھرتی کے لئے حیرانگی کے عالم میں کچھ تفصیل سُن کے میں نے تیوری چڑھاتے ہوئے پوچھا، اپنا بتاؤ، بولا قد اور سینہ چھوٹا ہڈیاں کمزور نکلیں، مطلب جان کو امان ملی، میں نے کہا۔ اے میرے محترم باادب قاری، اصل قصہ تو یہ نہ تھا جو میں لے کے بیٹھ گئی۔ میرا مقصد نہ تو فوج کی بے جا طرفداری ہے اور نہ ہی اپنی قوم قبیلے (سیاست، صحافت، عوامت) سے غداری۔ بات تو صرف حق اور سچ کی ہے بات سیاست کی ہو، عوامت کی یا پھر اپنی یہ صحافت کی سب برابر ہے۔ ویسے ایک بات ہے کیا ہی اچھا ہو گر سبھی بھرتیاں فوجی بھرتیوں کی طرح ہوا کریں۔ بھئی باتوں سے بات نکلی تو میں نے بھی ایک بات کہہ دی، ہر بات پوری ہو ضروری تو نہیں۔ اچھا سیاست، عوامت اور صحافت (اکثر) ایک ہی ڈگر کے راہی لگتے ہیں، اِس لئے کہ اِن کی نبھتی خوب ہے۔ چلئے ہم سفر جیسے بھی ہوں، سچے ہوں اور ڈگر کوئی بھی ہو، ہونی حق کی چاہئے۔ ساتھی وہی اچھا جو ہمیشہ خوبی کا درس دے، خامی کی نشان دہی کر کے اصلاح کرے، وہ جو جنتوں کی راہ کا پتہ دے۔ جو افکار و کردار اور معیار میں بہت خوب ہو۔ یعنی ایسا ساتھی ہی بھلا جس کی خودی معیارات کی کسوٹی پہ پرکھی جا چکی ہو، جس کی ذات ایسی ہو کہ ہاتھ پکڑ کر "اندھیرے سے روشنی تک" لے جانے میں مددگار ہو، کہ روشنیوں کے سفر پر نکلنے والوں پہ ہی فرشتے رشک کیا کرتے ہیں۔ میرا قاری بھی کیا سوچتا ہو گا کہ میرا کالم زیادہ تر معاشرتی ناانصافیوں اور خامیوں کا ہی ذکر چھیڑے رکھتا ہے تو کیوں نہ کچھ صفتیں ہو جائیں، ویسے تو میں ایک قصّے سے متاثر ہو کر، ایک قصہ ہی آپ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئی تھی مگر پھر وہی بات کہ بات، باتوں سے نکلتی، نکلتی کئی باتوں میں الجھتی چلی گئی۔ یہ قِصّہ سوچا تو تھا ایک افسانے کی صورت اپنے قاری کی خدمت میں پیش کرتی مگر اِس ذمہ داری کو کسی اور وقت اُٹھا دیا میں نے۔

تو کچھ صفتیں معاشرے کے ایسے کرداروں کی جن پہ ضرور فرشتوں نے کبھی رشک کیا ہو گا اور کر رہے ہوں گے۔ سالوں گُزرے ہمارے گاؤں کے ایک مسیح گھرانے میں نہایت پیاری سی بچی نے جنم لیا، ایک سے زائد بھائیوں کی سب سے چھوٹی بہن، ماں باپ اور بھائی گاؤں کے لنمبڑداروں کے گھر اور کھیتوں وغیرہ کے کام کاج کرتے۔ بچی کا نام شمع رکھا گیا۔ شمع چلنے پھرنے کے قابل ہوئی تو ماں کے ساتھ لنمبڑداروں کے گھر چلی جایا کرتی۔ یہ گھرانہ پڑھا لکھا ہونے کہ ساتھ نہایت مہذب بھی تھا۔ کرسچن بچی اپنی معصوم اداؤں اور ننھی منھی شرارتوں کی وجہ سے گھر بھر کی آنکھوں کا تارا بن چکی تھی۔ لنمبڑدارنیاں اُسے اپنی اولاد کی طرح سمجھتیں۔ اب وہ بھی ماں کے ساتھ گھر کے کام میں ہاتھ بٹانے لگی تھی۔ بچی زیادہ تر انہی کے گھر رہنا پسند کرتی۔ ماں بھی خوش کہ اِس طرح وہ بیٹی کی فکر سے آزاد باقی گھروں کے کام نپٹا لیتی، شمع جیسے جیسے بڑھی ہو رہی تھی وہ مسیح ماحول سے دور جا رہی تھی وہ اپنے گھر نہ جانا چاہتی، اپنی عبادات میں اس کا جی نہ لگتا، قدرتی طور پر وہ اسلامی ڈھنگ ڈھنگ میں ڈھلنے لگی تھی۔ اُس کے مالکان اسے اپنی بیٹی تو سمجھتے ہی تھے، اُس کا ذوق و شوق اور جذبے کو دیکھتے ہوئے اُسے دین کی تعلیم دینے لگے، گھر کی بچیاں اسے اسکول کی پڑھائی بھی کرا دیا کرتیں۔ دوسری طرف اُس کے گھر والوں کو اُس کی نوکری کا بھاری معاوضہ مل جاتا، گھر والوں کو اور کیا چاہئے تھا۔ شمع کی خاہشات کو مقدم رکھا جاتا، اُسے وہی درجہ دیا جاتا جو گھر کی بیٹیوں کو حاصل تھا۔ شمع اب شادی کی عمر کو پہنچ چکی تھی، تب تک مسیح خاندان بے خبر تھا کہ شمع کرسچن نہیں رہی اب وہ ایک مسلمان ہے۔ شمع اپنے والدین اور بھائیوں سے اسی طرح محبت کرتی ان کا احترام کرتی مگر اُس کا مُستقل ٹھکانہ لنمبڑدوں کا گھر ہی رہتا۔ میرے محترم قاری پھر کیا ہوا آپ ضرور سوچیں گے، سوچنا بھی چاہئے، آپ کا حق بنتا ہے اور پوچھنا بھی۔ جی، جی میں ضرور بتاؤں گی کہ پھر کیا ہوا۔ اور مجھے شمع کے بارے اتنی تفصیل سے کیسے علم تھا جبکہ ہمارے گھر پردے کا اس قدر لحاظ رہتا کہ گاؤں کی خواتین کے گھر آنے پہ بھی ہمارے گھر کی بچیوں کو پردے میں رکھنے کا حکم ہوتا۔ یہ سب جاننے کے لئے باادب قاری میرے اگلے کالم کا انتظار کرنا پڑے گا، ان شاءاللہ، اللہ کی کرم نوازی سے پھر ملیں گے، دعا ہے پاکستان کا پرچم ہمیشہ سر بلند رہے آمین۔

پاکستان زندہ باد، افواجِ پاکستان زندہ باد

سفارتکاری کا امتحان: کیا پاکستان مشرق وسطیٰ میں امن کا پل بن سکتا ہے؟

تحریر: رقیہ نعیم

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 81واں اجلاس ایسے وقت میں منعقد ہوا جب مشرق وسطیٰ ایک نئے سفارتی اور عسکری بحران کے دہانے پر کھڑا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی کشیدگی، آبنائے ہرمز اور باب المندب میں سلامتی کے خدشات، بحیرہ احمر میں جاری تنازعات اور عالمی تجارت کو درپیش خطرات نے اس اجلاس کو معمول کی سفارتی سرگرمی سے کہیں زیادہ اہم بنا دیا ہے۔ انہی حالات میں وزیراعظم شہباز شریف کی ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سمیت مختلف عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں پاکستان کے سفارتی کردار کو ایک نئی آزمائش سے دوچار کرتی دکھائی دیتی ہیں۔

وزیراعظم اور ایرانی صدر کی ملاقات کا مرکزی نکتہ باہمی اعتماد، علاقائی استحکام اور مذاکراتی عمل کو آگے بڑھانے کی ضرورت تھا۔ وزیراعظم نے حکومتی مؤقف کے مطابق ایرانی قیادت کو مکہ دفاعی معاہدے کے بارے میں اعتماد میں لیتے ہوئے واضح کیا کہ یہ کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ سعودی عرب کی سلامتی اور مقدس مقامات کے تحفظ سے متعلق ہے۔ دوسری جانب ایرانی صدر نے بھی پاکستان کی امن کوششوں کو سراہتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔

پاکستان کی خارجہ پالیسی اس وقت ایک نازک توازن کی متقاضی ہے۔ سعودی عرب پاکستان کا دیرینہ اتحادی، اہم معاشی شراکت دار اور لاکھوں پاکستانیوں کے روزگار کا مرکز ہے، جبکہ ایران ایک ہمسایہ ملک ہونے کے باعث سرحدی سلامتی، تجارت اور علاقائی تعاون میں غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام آباد کی سفارتی حکمت عملی بظاہر کسی ایک فریق کی صف بندی کے بجائے مفاہمت اور رابطے کے دروازے کھلے رکھنے پر مرکوز نظر آتی ہے۔

مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال صرف علاقائی سیاست تک محدود نہیں رہی بلکہ اس کے اثرات عالمی معیشت پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ آبنائے ہرمز دنیا کی توانائی کی ترسیل کا اہم ترین راستہ ہے، جہاں کسی بھی قسم کی رکاوٹ تیل کی قیمتوں، مہنگائی اور سپلائی چین کو متاثر کر سکتی ہے۔ اسی طرح باب المندب کے راستے میں کشیدگی عالمی بحری تجارت کے لیے سنگین چیلنج بن سکتی ہے۔ یہی خدشات اقوام متحدہ میں مختلف ممالک کی جانب سے محفوظ اور آزاد بحری آمدورفت کی ضرورت پر زور دینے کا سبب بھی بنے ہیں۔

ان حالات میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو حکومتی بیانات میں ایک ممکنہ مذاکراتی فریم ورک کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے۔ اگرچہ اس کی عملی تفصیلات مکمل طور پر سامنے نہیں آئیں، تاہم پاکستان اسے ایران اور امریکہ کے درمیان سفارتی رابطوں کے لیے ایک ممکنہ بنیاد قرار دے رہا ہے۔ چین کی جانب سے بھی مذاکراتی عمل کی حمایت اس بات کی علامت ہے کہ بڑی طاقتیں کم از کم بیانات کی سطح پر عسکری تصادم کے بجائے سفارتکاری کو ترجیح دینے کی بات کر رہی ہیں۔

جنرل اسمبلی کے موقع پر وزیراعظم کی بنگلہ دیش، لبنان، یورپی یونین کی قیادت اور امریکہ میں مقیم پاکستانی کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں بھی اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ پاکستان اپنی خارجہ پالیسی کو صرف سیاسی تنازعات تک محدود رکھنے کے بجائے اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری اور عالمی شراکت داری کے فروغ سے بھی جوڑنا چاہتا ہے۔ ایسے روابط پاکستان کے لیے اقتصادی سفارتکاری کے تناظر میں بھی اہم سمجھے جا سکتے ہیں۔

اس کے باوجود حقیقت یہ ہے کہ خطے میں امن کی راہ ہموار کرنا آسان نہیں۔ ایران اور امریکہ کے درمیان سخت بیانات، پابندیوں کا دباؤ، حوثیوں کی کارروائیاں اور بحری سلامتی کے بڑھتے خدشات کسی بھی مفاہمتی کوشش کو متاثر کر سکتے ہیں۔ ایسے ماحول میں اقوام متحدہ پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ محض قراردادوں اور تقاریر تک محدود نہ رہے بلکہ اعتماد سازی، جنگ بندی اور مذاکرات کے لیے عملی کردار ادا کرے۔

پاکستان کے لیے موجودہ صورتحال ایک سفارتی امتحان بھی ہے اور ایک موقع بھی۔ اگر اسلام آباد اپنی متوازن خارجہ پالیسی کو مستقل مزاجی کے ساتھ آگے بڑھانے میں کامیاب رہتا ہے تو وہ خطے میں رابطے اور مفاہمت کے فروغ میں ایک مثبت کردار ادا کر سکتا ہے۔ تاہم اس کامیابی کا انحصار صرف پاکستان کی کوششوں پر نہیں بلکہ اس بات پر بھی ہے کہ متعلقہ فریق مذاکرات کو تصادم پر ترجیح دینے کے لیے کس حد تک آمادہ ہوتے ہیں۔

آج دنیا کو ایسے بیانات سے زیادہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے جو کشیدگی کم کریں، بحری راستوں کو محفوظ بنائیں اور مذاکرات کے امکانات کو تقویت دیں۔ اگر نیویارک میں ہونے والی سفارتی ملاقاتیں اسی سمت پیش رفت کا ذریعہ بنتی ہیں تو یہ نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ عالمی امن اور معاشی استحکام کے لیے بھی ایک مثبت قدم ثابت ہو سکتا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

ہالی ووڈ اداکارہ ہیڈن پنیٹیئر کی موت کی وجہ سامنے آ گئی

ہیڈن پنیٹیئر امریکی ٹی وی سیریز کے علاوہ مختلف فلموں میں کام کر چکی ہیں

کیرولائنا (این این آئی) فلم ”آئس پرنسس“ سے شہرت پانے والی امریکی اداکارہ ہیڈن پنیٹیئر کی موت کی وجہ سامنے آ گئی۔ 36 سالہ اداکارہ 16 اگست کو امریکی ریاست جنوبی کیرولائنا میں واقع اپنے گھر کے اندر مردہ حالت میں پائی گئی تھیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق اسپتالوں سے باہر، تشدد، اچانک، غیر متوقع اور مشکوک اموات کی آزادانہ تحقیقات کرنے والے حکام کے مطابق اداکارہ کی موت فینٹانیل، 4-ANPP، الپرازولم، میتھوکاربامول اور کواٹیاپائن کے زہریلے اثرات کے باعث ہوئی۔ اطلاعات کے مطابق یہ تمام چیزیں ادویات اور کیمیکلز ہیں (درد، نیند، دماغی امراض کی دوا)، جن میں سے کچھ عام بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہیں جبکہ کچھ انتہائی خطرناک اور جان لیوا منشیات ہیں۔ گرین وِل کاؤنٹی کورونر آفس کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق اداکارہ کی موت کو حادثاتی قرار دیا گیا ہے۔ جنوبی کیرولائنا کے گرین وِل کاؤنٹی کورونر آفس کی جانب سے جاری کی گئی پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق ہیڈن پنیٹیئر کے جسم میں کئی ادویات کے زہریلے اثرات پائے گئے۔ پوسٹمارٹم رپورٹ کے مطابق اداکارہ کی موت ایک حادثہ تھی، چوٹ یا دیگر کسی چیز کے ایسے کوئی آثار نہیں ملے جو ان کی موت کا سبب بنے ہوں۔

ثقافت کے فروغ کیلئے گلوکارہ میگھا کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، پنکش خان

میگھا کے گیتوں میں پنجابی ثقافت، محبت اور مٹی کی خوشبو نمایاں ہوتی ہے

لاہور (این این آئی) نامور ماڈل پنکش خان نے کہا ہے کہ میگھا پنجابی زبان اور ثقافت کے فروغ کے لیے جتنی کاوشیں کر رہی ہیں وہ قابل ستائش ہیں، گلوکارہ نے اپنے فن کے ذریعے پنجابی زبان کو نہ صرف زندہ رکھا بلکہ اسے نئی نسل تک پہنچانے کے لئے کوشاں ہیں۔ ایک انٹرویو میں پنکش خان نے کہا کہ وہ بہت سے پراجیکٹس میں میگھا کے گائے ہوئے گانوں پر پرفارمنس دے چکی ہیں۔ میگھا کے گیتوں میں پنجابی ثقافت، محبت اور مٹی کی خوشبو نمایاں ہوتی ہے اسی لیے ان کے گانے آج بھی لوگوں میں مقبول ہیں۔ پنکش خان نے کہا کہ فنکاروں کو اپنی مادری زبان اور ثقافت کے فروغ کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے اور میگھا اس حوالے سے ایک اچھی مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجابی زبان ہماری ثقافتی شناخت ہے اور اسے آگے بڑھانے کے لیے فنکاروں کی کاوشیں قابل قدر ہیں۔

اداکارہ کومل رانی سوارنکر کے ساتھ تعلقات کی افواہیں

گووندا نے کومل رانی سے تعلقات کی افواہوں پر خاموشی توڑ دی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار گووندا ایک بار پھر اپنی ذاتی زندگی سے متعلق خبروں کے باعث توجہ کا مرکز بن گئے۔ اداکار نے ساتھی اداکارہ کومل رانی سوارنکر کے ساتھ تعلقات کی افواہوں پر پہلی بار کھل کر بات کی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گووندا نے کومل رانی کے ہمراہ لال باغ چہ راجا کے دورے کے بعد ہونے والی چہ مگوئیوں پر کہا کہ وہ دونوں کے درمیان تعلق کو پیشہ ورانہ نوعیت کا سمجھتے ہیں، وہ اپنی فلم روپا کی کامیابی کے لیے دعا کرنے وہاں گئے تھے۔ گووندا نے کہا کہ اگر کوئی افیئر ہے بھی تو یہ کسی اور کا نہیں بلکہ ان کا ذاتی معاملہ ہے۔ دوسری جانب گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا بھی حال ہی میں انسانوں کی بے وفائی پر طنزیہ بیان دے چکی ہیں۔

دانش تیمور کی سنجیدہ اداکاری دیکھ کر مداح رونے کے بجائے ہنس پڑے

جذباتی منظر میں اپنی اداکاری کے باعث دانش تیمور سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئے

کراچی (این این آئی) معروف اداکار دانش تیمور نئے ڈرامے کے جذباتی منظر میں اپنی اداکاری کے باعث سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئے۔ اس نئے ڈرامے کی حالیہ قسط میں دانش تیمور کے کردار شاہ داد کو اپنے والد دستور علی خان کی موت کی خبر ملتی ہے، جس پر وہ شدید صدمے اور غم کا اظہار کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ تاہم یہ جذباتی منظر ناظرین کو متاثر نہ کر سکا اور متعدد صارفین نے دانش تیمور کی اداکاری کو غیر فطری قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس منظر کو زیادہ سادہ اور طریقے سے بھی پیش کیا جا سکتا تھا۔ ایک صارف نے لکھا کہ وہ دانش تیمور کے مداح ہیں لیکن ان کی جذباتی مناظر میں اداکاری متاثر کن نہیں، جبکہ ایک اور صارف کے مطابق سنجیدہ منظر دیکھ کر بھی انہیں ہنسی آ گئی۔ دوسری جانب کچھ مداح اس بات پر بھی غور کر رہے ہیں کہ اس ڈرامے میں ان کا چہرہ کافی کھچا ہوا اور سخت نظر آ رہا ہے، جس سے اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ شائد انہوں نے حالیہ دنوں میں بوٹوکس ٹریٹمنٹ کروایا ہے۔

کسی بچے کو غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں ہونا چاہیے، ریشم

صاحب ثروت افراد خیرات کیساتھ ساتھ مستقل تعلیمی منصوبوں میں بھی سرمایہ کاری کریں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ صاحب ثروت شخصیات مستحق خاندانوں کے بچوں کی تعلیم کے لیے خصوصی منصوبے شروع کریں کیونکہ بہت سے باصلاحیت بچے صرف مالی مشکلات کے باعث تعلیم جاری نہیں رکھ پاتے اور چائلڈ لیبر پر مجبور ہیں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ اگر مخیر حضرات ایسے بچوں کی تعلیمی کفالت کی ذمہ داری اٹھائیں تو ان کے مستقبل کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بچے کو غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں ہونا چاہیے۔ ریشم نے کہا کہ تعلیم صرف ایک فرد نہیں بلکہ پورے خاندان کی زندگی بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے صاحب ثروت افراد سے اپیل کی کہ وہ خیرات کے ساتھ ساتھ مستقل تعلیمی منصوبوں میں بھی سرمایہ کاری کریں تاکہ مستحق بچوں کو باعزت مستقبل دیا جا سکے۔

تھیٹر مافیا کچھ بھی کر سکتا ہے، اب خاموش نہیں رہوں گا، طاہر انجم

آصف اقبال کا انتقال تھیٹر کے لیے بہت بڑا نقصان ہے، انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) اسٹیج کے نامور اداکار طاہر انجم نے کہا ہے کہ آصف اقبال کا انتقال تھیٹر کے لیے بہت بڑا نقصان ہے، یہ ایک تسلسل ہے، جس میں مکان کی اینٹیں ایک ایک کر کے گر رہی ہیں، اب اگر میں بات کروں گا تو تھیٹر بھی ہلے گا اور ایوان بھی ہلیں گے، لگتا ہے اب مجھے میدان میں آنا پڑے گا۔ ایک انٹرویو میں طاہر انجم نے کہا کہ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری تھیٹر کے معاملات کے حوالے سے بھرپور کوششیں کر رہی ہیں اور بہت اچھا کام کر رہی ہیں، تھیٹر والے نہیں بلکہ صرف فنکار پریشان ہیں، یہاں جو حکومتیں آتی رہی ہیں تھیٹر کے لئے دو ماہ کی مہم چلتی تھی،

SPORTS سپورٹس

محمد رضوان کا عدم تعاون تحقیقات میں تاخیر کا باعث بننے لگا

تحقیقات میں تعاون کے لیے (آج) محمد رضوان سے ایک بار پھر رابطہ کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کرکٹرز محمد رضوان اور امام الحق سے متعلق این سی سی آئی اے کی تحقیقات جاری ہیں جبکہ ادارے کے ذرائع نے کہا ہے کہ محمد رضوان کی جانب سے مبینہ عدم تعاون کے باعث تحقیقات میں تاخیر ہو رہی ہے۔ این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق محمد رضوان سے متعدد مرتبہ رابطہ کر کے تحقیقات میں تعاون کرنے کی درخواست کی گئی تاہم بھرپور کوششوں کے باوجود ان کی جانب سے مثبت جواب نہیں ملا۔ ذرائع کے مطابق کبھی رابطہ نہیں ہو سکا اور کبھی رضوان کی جانب سے وکیل سے مشاورت کرنے کا کہا گیا، تحقیقات میں تعاون کے لیے پیر کو محمد رضوان سے ایک بار پھر رابطہ کیا جائے گا، اگر اس کے باوجود تعاون نہ کیا گیا تو قانون کے مطابق انہیں نوٹس جاری کرنے سمیت دیگر کارروائی پر غور کیا جا سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ادارہ چاہتا ہے کہ محمد رضوان تحقیقات میں تعاون کریں تاکہ معاملے کو جلد از جلد منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے، عدالتی ہدایات کی روشنی میں ادارہ اس معاملے میں احتیاط سے کارروائی کر رہا ہے۔ این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق محمد رضوان کی موجودگی میں ان کے موبائل فون کا فرانزک تجزیہ کیا جانا ہے، اس کے لیے ان کی موجودگی ضروری ہے، دوسرے طریقے سے بھی فون کی فرانزک کرانے کا آپشن ہے لیکن اس سے ڈیٹا ضائع ہو سکتا ہے جو دونوں فریقین کے لیے اچھا نہیں ہو گا۔ این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق رضوان سے مختلف رابطوں کے حوالے سے سوالات کیے گئے تھے، تاہم بعض جوابات تحقیقاتی ٹیم کے لیے تسلی بخش نہیں تھے، کچھ شکوک و شبہات کو دور کرنے کے لیے موبائل فون کا فرانزک تجزیہ ضروری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ کرکٹرز کے خلاف تحقیقات کے لیے اسپیشل انویسٹی گیشن ٹیم تشکیل دی گئی ہے، جو معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے، کرکٹر امام الحق نے ابتدائی ہچکچاہٹ کے بعد تحقیقاتی عمل میں تعاون کیا ہے اور ان کے موبائل فون کا فرانزک تجزیہ شروع کر دیا گیا ہے، فرانزک تجزیے اور تحقیقات مکمل ہونے کے بعد سفارشات مرتب کی جائیں گی۔ این سی سی آئی اے ذرائع نے واضح کیا کہ تحقیقات ابھی ابتدائی مرحلے میں ہیں اور فی الحال کسی کرکٹر کے خلاف کوئی چیز ثابت نہیں ہوئی، فورنزک تجزیے کے بعد ہی صورتِ حال مزید واضح ہو گی۔ ذرائع کے مطابق سائبر پیٹرولنگ کے دوران بعض چیزیں مشکوک نظر آنے کے بعد تحقیقات کا فیصلہ کیا گیا، کرکٹرز کے خلاف تمام کارروائی قانون کے مطابق کی جا رہی ہے۔ ادارے کی کارروائی انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے کوڈ آف کنڈکٹ سے متصادم نہیں اور اس حوالے سے آئی سی سی سے نہ کوئی رابطہ کیا گیا ہے

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیراہتمام پاک چائنہ فرینڈشپ گیمز کے چوتھے ووشو کے فائنل میچ کا منظر۔ (فوٹو این این آئی)

20 رکنی اکرم خان درانی فٹ بال ٹیم بنوں کے ناموں کا اعلان

بنوں (این این آئی) بیس رکنی اکرم خان درانی فٹ بال ٹیم بنوں کے ناموں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ یہ ٹیم چھٹے چیف منسٹر بلوچستان فٹ بال ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گی۔ ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن بنوں کے سیکرٹری اسرار بنگش نے 20 رکنی اکبر خان درانی فٹ بال ٹیم کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ کلب کے سربراہ سابق سپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرام خان درانی نے 20 رکنی ٹیم کے کھلاڑیوں کے ناموں کی منظوری دے دی ہے۔ 20 رکنی ٹیم کی قیادت واجد خان (کپتان)، کریں گے وجاہت اور ثنا اللہ گول کیپرز کے فرائض انجام دیں گے دیگر کھلاڑیوں میں محمد عالم، مصطفیٰ خان، محمد، دانیال خان، طفیل، وسیم، تسکین، سوہراب خان، مسعود، نورالمین خان، ضیا اللہ، ابرار خان، شکر خان، ہارون خان، ولید اور مشتاق احمد شامل ہیں۔ ٹیم کے ہمراہ کوچنگ کے فرائض سمیع اللہ بیزان خیل اور منیجر کے نصیب الرحمٰن انجام دیں گے۔ اکرم خان درانی فٹ بال ٹیم بنوں (آج) پیر کو ٹورنامنٹ میں اپنا پہلا میچ کھیلے گی۔

ایشین گیمز، پاکستان کے نور زمان نے تیسری پوزیشن حاصل کر لی

پاکستان اسکواش ٹیم کے مینز اور ویمنز ٹیم ایونٹس آج سے شروع ہوں گے

ٹوکیو (این این آئی) ایشین گیمز میں اسکواش کی تیسری پوزیشن کے میچ میں پاکستان کے نور زمان نے اشعب عرفان کو 3-0 سے شکست دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مینز سنگلز کا تیسری پوزیشن کا میچ 26 منٹ تک جاری رہا، جس میں نور زمان نے اشعب عرفان کو 7-11، 7-11، 11-7 اور 11-13 سے ہرایا۔ ایشین گیمز میں پاکستان اسکواش ٹیم کے مینز اور ویمنز ٹیم ایونٹس (آج) پیر سے شروع ہوں گے۔ مینز ٹیم ایونٹ میں پاکستان کو دوسری سیڈنگ ملی ہے، قومی ٹیم پول بی میں شامل ہے۔ مینز ٹیم ایونٹ میں پاکستان (آج) پیر کو پہلے میچ میں فلپائن کے مدِ مقابل ہو گا اور دوسرا میچ کویت کے خلاف کھیلے گا۔ ویمنز ٹیم ایونٹ میں قومی ٹیم کو پول بی میں رکھا گیا ہے۔ ویمنز ٹیم ایونٹ میں پاکستان (آج) پیر کو پہلے میچ میں ہانگ کانگ چائنا کے مدِ مقابل ہو گا جبکہ دوسرا میچ منگولیا کے خلاف کھیلا جائے گا۔

رضوان کو تاحال این سی سی آئی اے کا کوئی نوٹس موصول نہیں ہوا

لاہور (این این آئی) کرکٹر محمد رضوان کے قریبی ذرائع نے کہا ہے کہ انہیں تاحال این سی سی آئی اے کا کوئی نوٹس موصول نہیں ہوا۔ ذرائع کے مطابق رضوان کو پہلا نوٹس بھی واٹس ایپ کے ذریعے موصول ہوا تھا۔ ذرائع کے مطابق الزامات کیا ہیں؟ کیوں بلا رہے ہیں؟ رضوان کو تاحال ان سوالات کے جواب بھی نہیں ملے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کرکٹرز محمد رضوان اور امام الحق سے متعلق این سی سی آئی اے کی تحقیقات جاری ہیں جبکہ ادارے کے ذرائع کا کہنا ہے کہ محمد رضوان کی جانب سے مبینہ عدم تعاون کے باعث تحقیقات میں تاخیر ہو رہی ہے۔ این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق محمد رضوان سے متعدد مرتبہ رابطہ کر کے تحقیقات میں تعاون کرنے کی درخواست کی گئی، تاہم بھرپور کوششوں کے باوجود ان کی جانب سے مثبت جواب نہیں ملا۔ ذرائع کے مطابق کبھی رابطہ نہیں ہو سکا اور کبھی رضوان کی جانب سے وکیل سے مشاورت کرنے کا کہا گیا، تحقیقات میں تعاون کے لیے پیر کو محمد رضوان سے ایک بار پھر رابطہ کیا جائے گا، اگر اس کے باوجود تعاون نہ کیا گیا تو قانون کے مطابق انہیں نوٹس جاری کرنے سمیت دیگر کارروائی پر غور کیا جا سکتا ہے۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار اور اشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

اور ایف 8 مرکز میں قائم کیے جائیں گے، جن کا مقصد شہریوں، خاندانوں اور نوجوانوں کو آسان رسائی کے ساتھ جدید اور سال بھر کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات کی روشنی میں چیئرمین سی ڈی اے کی نگرانی میں تین اسپورٹس ایرینا ز کے قیام کا یہ اقدام سی ڈی اے کی جانب سے کھیلوں کے فروغ، صحت مند اور فعال طرز زندگی کی حوصلہ افزائی اور وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں شہریوں کو معیاری تفریحی سہولیات کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کا حصہ ہے۔ ان اسپورٹس ایرینا ز میں ایک ہی مربوط انتظام کے تحت مختلف کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، جس سے شہری سال بھر کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں گے۔ ڈی 12/1 میں قائم کیے جانے والے اسپورٹس ایرینا کے لیے تقریباً 4.2 ایکڑ اراضی مختص کی گئی ہے، جبکہ جی 11/3 مرکز میں قائم ہونے والا دوسرا اسپورٹس ایرینا تقریباً 3.5 ایکڑ اور ایف 8 مرکز میں قائم ہونے والا تیسرا اسپورٹس ایرینا تقریباً 3.2 ایکڑ رقبے پر مشتمل ہوگا۔ تینوں اسپورٹس ایرینا ز میں جدید اور متنوع سہولیات فراہم کی جائیں گی، جن میں انڈور سوئمنگ پولز، برانڈڈ انڈور جم، فٹسال کورٹس، کرکٹ کچز، انڈور اور آؤٹ ڈور پیڈل کورٹس، باسکٹ بال کی سہولیات، ملٹی پرپز اسپورٹس ہالز، انڈور بچوں کے پلے ایریاز، ہیلتھ بارز اور انتظامی سہولیات شامل ہوں گی۔ اس کے علاوہ لینڈ اسکیپنگ، پارکنگ اور مخصوص ٹریکس بھی تعمیر کیے جائیں گے۔ مختلف علاقوں میں ان سہولیات کے قیام سے شہریوں کو اپنے رہائشی اور تجارتی علاقوں کے قریب معیاری کھیلوں کی سہولیات تک بہتر رسائی حاصل ہوگی۔ اس اقدام سے خاندانوں اور نوجوانوں کو بھی پیشہ ورانہ بنیادوں پر منصوبہ بندی کیے گئے مقامات پر مختلف کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اسپورٹس ایرینا ز میں کھیلوں کی تربیت، کوچنگ، ٹورنامنٹس، لیگز اور کمیونٹی کی سطح پر کھیلوں کی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، جبکہ پیڈل، فٹسال اور کرکٹ کچ ٹریننگ جیسے جدید اور ابھرتے ہوئے کھیلوں میں بھی شہریوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ یہ سہولیات بالخصوص نوجوانوں کو باقاعدگی سے جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دے کر صحت مند طرز زندگی کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کریں گی۔ شہریوں نے اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں تین جدید اسپورٹس ایرینا ز کے قیام کے سی ڈی اے کے اقدام کو سراہتے ہوئے اسے وفاقی دارالحکومت کے عوام کو بہترین، اسٹیٹ آف دی آرٹ اور بین الاقوامی معیار کی کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ شہریوں نے اپنے رہائشی اور تجارتی علاقوں کے قریب مختلف کھیلوں کی سہولیات کی دستیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے خاندانوں، نوجوانوں اور کھیلوں سے وابستہ افراد کو جدید ماحول میں صحت مند اور تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مزید مواقع میسر آئیں گے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اسلام آباد کے شہریوں کی جانب سے سی ڈی اے کے اقدامات میں مسلسل تعاون اور شرکت کو سراہا اور کہا کہ مختلف مقامات پر تین اسپورٹس ایرینا ز کا قیام شہریوں کو بین الاقوامی معیار کی اسٹیٹ آف دی آرٹ کھیلوں کی سہولیات فراہم کرے گا، جس سے نوجوانوں اور خاندانوں کو کھیلوں، فٹنس اور تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مزید مواقع حاصل ہوں گے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے مزید کہا کہ جدید کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی فراہمی صحت مند، متحرک اور شہری دوست اسلام آباد کے لیے سی ڈی اے کے وژن کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں شہریوں کو معیاری کھیلوں کی سہولیات تک رسائی حاصل ہونی چاہیے تاکہ وہ جدید، محفوظ اور سازگار ماحول میں کھیلوں، فٹنس اور تفریحی سرگرمیوں سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ ان منصوبوں کے لیے مالی وسائل سی ڈی اے کے اپنے وسائل سے فراہم کیے جائیں گے جبکہ منصوبوں پر عملدرآمد اوپن مسابقتی بولی کے ذریعے پیپرا رولز کے تحت کیا جائے گا۔ تینوں اسپورٹس ایرینا ز کے منصوبے سے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ مجموعی اسپورٹس ایرینا منصوبے کے تحت تعمیراتی مرحلے کے دوران تقریباً 360 ملازمتوں جبکہ آپریشنل مرحلے میں 92 ملازمتوں کے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ ڈی 12/1، جی 11/3 مرکز اور ایف 8 مرکز میں ان تین اسپورٹس ایرینا ز کا قیام اسلام آباد کے کھیلوں اور تفریحی انفراسٹرکچر میں ایک نئی جہت کا اضافہ کرے گا اور شہریوں کو کھیلوں، فٹنس اور خاندانی تفریح کے لیے جدید، آسان رسائی اور متنوع سہولیات فراہم کرے گا۔ سی ڈی اے اسلام آباد کو ایک جدید، صحت مند اور متحرک وفاقی دارالحکومت بنانے کے لیے پرعزم ہے، جہاں شہریوں کو معیاری عوامی سہولیات اور کھیلوں، تفریح اور صحت مند طرز زندگی کے لیے زیادہ سے زیادہ مواقع میسر ہوں۔

بقیہ 2

خاتمے اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے عوام کو نجات دلانے کے مطالبات کیے اس موقع پر جماعت اسلامی ضلع کشمور کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی، الیاس نور چنا رفیع الدین چنا اور غلام شبیر میرانی سمیت دیگر رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے عام شہریوں کے لیے مشکلات میں اضافہ کردیا ہے ان کا کہنا تھا کہ پٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ کاروباری اور تجارتی طبقہ بھی شدید متاثر ہورہا ہے جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات بجلی اور گیس کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے عوام پر عائد اضافی لیوی اور ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے اور بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مہنگائی میں ریلیف دینا حکومت کی ذمہ داری ہے رہنماؤں نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کی کال پر ملک کے مختلف شہروں میں احتجاج کا سلسلہ جاری ہے اور اسی سلسلے میں کندھ کوٹ میں بھی کارکنان نے احتجاج ریکارڈ کرایا ہے ان کے مطابق حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں احتجاجی قافلہ ملتان میں موجود ہے جبکہ وزیراعظم پاکستان کی بیرون ملک سے واپسی کے بعد حکومت کے ساتھ مذاکرات کیے جائیں گے جماعت اسلامی کے مقامی رہنماؤں کے مطابق اگر حکومت کے ساتھ مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو احتجاجی قافلہ لاہور سے ہوتا ہوا اسلام آباد کی جانب روانہ ہوگا انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے احتجاجی جدوجہد جاری رکھے گی اور حکومت پر زور دیا جائے گا کہ وہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے مظاہرین کا کہنا تھا کہ پٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کے ساتھ ساتھ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا خاتمہ بھی ناگزیر ہے کیونکہ بجلی کی بندش سے شہری زندگی کاروبار اور روزمرہ کے معمولات شدید متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے توانائی کی قیمتوں میں کمی اور بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں احتجاج کے اختتام پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں اور کارکنان نے اپنے مطالبات کے حق میں نعرے لگائے اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ مہنگائی، توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور لوڈشیڈنگ جیسے مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 3

تدریسی نظام کو مزید بہتر بنانے اور تمام شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ طالبات کی حاضری اور ڈسپلن کلاسز میں طالبات کی حاضری کو یقینی بنانے اور کالجز کے نظم و ضبط کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔ ہم نصابی سرگرمیاں طالبات کی ہمہ جہت شخصیت سازی کے لیے مختلف کھیلوں، تقریری اور ثقافتی مقابلوں کے انعقاد پر بات چیت کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولیات کی بہتری کالجز کی لیبارٹریز، لائبریری اور دیگر بنیادی سہولیات کی مزید بہتری اور تجدید کے لیے احکامات جاری کیے گئے۔ ڈاکٹر شہناز محسن نے تمام اساتذہ اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ تعلیمی معیار برقرار رکھنے اور طالبات کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے مل جل کر اور لگن کے ساتھ کام کریں۔ میٹنگ کے اختتام پر کالج کی پرنسپل ڈاکٹر فاطمہ گل نے تمام مہمان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 4

ڈائریکٹر AFIC-NIHD میجر جنرل نادر خان نے خصوصی طور پر تقریب میں شرکت کی اور پاکستان میں غیر متعدی امراض (NCDs) کی تشویشناک صورتحال پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی، میجر جنرل (ر) پروفیسر محمد سہیل امین، وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی نے دل کی بیماریوں اور دیگر غیر متعدی امراض سے بچاؤ کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے آگاہی، بیماریوں سے بچاؤ اور بروقت اقدامات نہایت ضروری ہیں، اور معاشرے کے تمام طبقات کو عوامی صحت کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ صدر پناہ، میجر جنرل (ر) مسعود الرحمن کیانی نے کہا کہ دل کی بیماریاں تیزی سے بڑھ رہی ہیں اور ان کے بہت سے اہم خطرات کو صحت مند طرز زندگی اختیار کرکے روکا جاسکتا ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ روزانہ چہل قدمی اور جسمانی سرگرمی کو اپنی معمول کی زندگی کا حصہ بنائیں، صحت مند وزن برقرار رکھیں، تمباکو نوشی سے اجتناب کریں، ذہنی دباؤ کو کم کریں اور متوازن غذا اپنائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ زیادہ چینی، نمک اور غیر صحت بخش چکنائیوں والی غذاؤں کے استعمال میں کمی دل کی بیماریوں سے بچاؤ میں نمایاں کردار ادا کرسکتی ہے۔ صحت اور غذائیت کے ماہر جناب منور حسین نے کہا کہ پاکستان کے بڑھتے ہوئے صحت کے بحران سے نمٹنے کے لیے انفرادی طرز زندگی میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ مضبوط پالیسی اقدامات بھی ضروری ہیں۔ انہوں نے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کو صارفین کو غیر صحت بخش مصنوعات کی فوری شناخت اور باخبر انتخاب میں مدد دینے کے لیے مؤثر ترین اقدامات میں سے ایک قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی مصنوعات جن میں چینی، نمک اور غیر صحت بخش چکنائیاں زیادہ مقدار میں موجود ہوں، ان پر واضح وارننگ لیبلز کے ذریعے غیر صحت بخش غذاؤں کے استعمال میں کمی لائی جاسکتی ہے اور لوگوں کو دل کی بیماریوں، ذیابیطس اور دیگر غیر متعدی امراض سے محفوظ رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کو مزید تاخیر کے بغیر مؤثر اور لازمی فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کے نفاذ کی جانب پیش رفت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں اور نوجوانوں کی صحت کا تحفظ قومی ترجیح ہونا چاہیے، کیونکہ غیر صحت بخش غذائیں، جسمانی سرگرمی کی کمی اور دیگر خطرے کے عوامل غیر متعدی امراض کے بڑھتے ہوئے بوجھ میں اضافہ کر رہے ہیں۔ پناہ کے جنرل سیکرٹری جناب ثناء اللہ گھمن نے کہا کہ پناہ آگاہی، وکالت اور پالیسی سازوں و دیگر متعلقہ فریقین کے ساتھ رابطے کے ذریعے صحت مند نوجوان اور صحت مند قوم کے فروغ کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے پاکستان میں فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کے نفاذ کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کو اجاگر کیا اور کہا کہ دنیا کے کئی ممالک نے صارفین کے تحفظ اور صحت مند غذائی انتخاب کی حوصلہ افزائی کے لیے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کامیابی سے نافذ کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پناہ حکومت، صحت کے ماہرین، سول سوسائٹی اور دیگر متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر مضبوط صحت پالیسیوں اور صحت مند پاکستان کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ پناہ کے سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ ڈاکٹر عبدالقیوم اعوان نے اختتامی کلمات میں مہمانِ خصوصی، مقررین، ڈاکٹروں، میڈیا نمائندگان اور شرکاء کی شرکت اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سول سوسائٹی کی تنظیموں اور تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ دل کی بیماریوں اور دیگر غیر متعدی امراض کی روک تھام کے لیے پناہ کی کوششوں میں ساتھ دیں اور شواہد پر مبنی عوامی صحت کی پالیسیوں، بالخصوص پاکستان میں فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کے نفاذ کی حمایت کریں۔

بقیہ 5

شفاف انکوائری کی جائے تو وہ اپنے مؤقف کے حق میں ثبوت پیش کرسکتے ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری فاریسٹ، چیف کنزرویٹر فاریسٹ راولپنڈی اور ڈی ایف او چکوال سے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ جنگلات چکوال کے گزشتہ چار ماہ کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے معلوم کیا جائے کہ کتنی گاڑیاں پکڑی گئیں، کتنی بند کی گئیں اور کتنی گاڑیوں پر جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ چوآ سیدن شاہ کے ان علاقوں سے لکڑی لے جانے والی گاڑیوں کا ریکارڈ بھی دیکھا جائے جہاں کٹائی سے متعلق شکایات سامنے آئی ہیں، تاکہ جاری شدہ پرمٹس، پکڑی گئی گاڑیوں اور جرمانوں سے متعلق ریکارڈ کی مکمل جانچ ہوسکے۔ دوسری جانب محکمہ جنگلات کے مطابق گل خان کی گاڑی کے معاملے میں ڈی ایف او چکوال کے دفتر سے رپورٹ تیار کرکے چیف کنزرویٹر فاریسٹ راولپنڈی کو ارسال کی جاچکی ہے، جبکہ راولپنڈی دفتر کی جانب سے کیس سے متعلق رپورٹ طلب کرنے کے لیے مراسلہ بھی جاری کیا گیا ہے۔ محکمہ کے مطابق گاڑی کی رہائی اور جرمانے سے متعلق فیصلہ چیف کنزرویٹر فاریسٹ راولپنڈی کے اختیار میں ہے۔ محکمہ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ گل خان کی اپیل پر پرسنل ہیئرنگ کے بعد کیس کو حتمی شکل دی جائے گی۔ شکایت کنندہ کی جانب سے عائد دیگر الزامات کی آزادانہ تصدیق ہونا باقی ہے۔

بقیہ 6

جارہی ہے تاہم تاحال پروموشن ٹیسٹ منعقد نہیں ہو سکا اس لیے پروموشن ٹیسٹ کی حتمی تاریخ مقرر کی جائے وفد نے مزید مطالبہ کیا کہ کونیس الاؤنس کے رولز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ کنٹریکٹ ملازمین کی فائلیں فوری طور پر منگوا کر ضروری کارروائی مکمل کی جائے تاکہ ان کے کنٹریکٹ آرڈرز بروقت جاری ہوسکیں وفد نے درجہ چہارم کے ملازمین کے ٹرانسفر کے حوالے سے بھی مطالبہ کیا کہ انہیں ان کے گھروں سے غیر ضروری طور پر زیادہ فاصلے پر تعینات نہ کیا جائے اور ملازمین سے ان کے متعلقہ کیڈر کے مطابق ہی فرائض لیے جائیں اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن سرگودھا اظہر سہیل خان نیازی نے وفد کی جانب سے پیش کیے گئے تمام مطالبات کو غور سے سنا اور انہیں جلد از جلد حل کرنے کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ لوئر سکیل ملازمین محکمہ تعلیم کا اہم حصہ ہیں اور ان کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا وفد کے اراکین نے ملازمین کے مسائل سننے اور ان کے حل کی یقین دہانی پر سی ای او ایجوکیشن سرگودھا اظہر سہیل خان نیازی کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 7

فطری صلاحیتوں کو جلا بخشتی اور فکر و تدبر میں معاونت کرتی ہے۔ وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ اللہ تعالی نے پاک سرزمین کو بے پناہ سیاحتی خوبصورتیوں سے نوازا ہے، پنجاب کا تاریخی، ثقافتی اور قدرتی ورثہ دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے باعث کشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کا رواں سال لاہور کو سیاحتی اور ثقافتی دارالحکومت قرار دینا خوش آئند ہے۔ قدرتی حسن سے مالا مال پنجاب کے علاقے کسی ترقی یافتہ ملک سے کم نہیں۔ مریم نواز شریف کے مطابق پنجاب میں مذہبی سیاحت کے فروغ کے لیے پائیدار اقدامات کیے جارہے ہیں۔ قدیم قلعے، مذہبی مقامات اور دلکش وادیاں سیاحت کے لیے نہایت موزوں ہیں۔ وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ مری گلاس ٹرین سیاحوں کے لیے نئی دلکشی پیدا کرے گی، جبکہ مری مال روڈ سمیت دیگر سڑکوں کی تعمیر و توسیع کی جارہی ہے۔ کوٹلی ستیاں بھی نیا سیاحتی مقام بن کر ابھر رہا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ سیاحت کے ذریعے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا مثبت امیج اجاگر کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ٹورازم ڈویلپمنٹ سے عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تاثر ابھرے گا اور پاکستان کے خوبصورت چہرے کو دنیا بھر میں روشناس کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے تاریخی، ثقافتی اور سیاحتی ورثے کو اجاگر کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سیاحت کے فروغ سے نئے روزگار پیدا ہوں گے اور مقامی معیشت مضبوط ہوگی۔ وزیراعلی پنجاب کے مطابق پنجاب میں سیاحتی مقامات کو جدید سہولیات اور تعمیر نو کے ذریعے دلکش بنایا جارہا ہے۔ پنجاب کے سیاحتی مقامات کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے پائیدار اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ نوجوانوں اور مقامی آبادی کو سیاحت کے ذریعے معاشی مواقع فراہم کیے جارہے ہیں۔ سیاحت پنجاب کی معیشت اور ثقافت کے لیے اہم سنگِ میل ثابت ہوسکتی ہے۔

بقیہ 8

ٹیکس چوری پکڑنے کیلئے آرٹی فیشل انٹیلی جنس سے مدد لینے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ترجمان ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے والے زد میں آئیں گے۔ ٹیکس دہندگان کو مالی لین دین کا ریکارڈ احتیاط سے مرتب کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ واضح کیا گیا ہے کہ تمام معلومات درست اور دستاویزی ثبوت کے ساتھ درج ہونی چاہیے۔ انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات فراہم کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔

بقیہ 9

تمام اضلاع میں سول، فوجداری، خاندانی اور جائیداد سے متعلق مقدمات میں بلا معاوضہ قانونی خدمات فراہم کی جائیں گی جبکہ مقدمات کی جلد سماعت اور بروقت فیصلوں کیلئے بھی ممکنہ تعاون کیا جائے گا، فاسٹ ٹریک انصاف سے متعلق معلوماتی مواد بھی تیار کیا جائے گا اور درخواست گزار کو اپنی پسند کا وکیل منتخب کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ صوبائی وزیر اوائس چیئرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب اور چیئرمین ایسوسی ایشن آف پاکستانی لائرز برطانیہ بیرسٹر امجد ملک کی دعوت پر پنجاب بار کونسل کے وفد نے برطانیہ کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت سابق چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان نے کی جبکہ وفد میں رائے اشرف، چوہدری امجد پرویز، مراد بھٹی، اعجاز احمد بلوچ اور کاشف اقبال مغل شامل تھے۔ ملاقات میں اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش قانونی مسائل، ان کے مؤثر حل اور دونوں اداروں کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ طے پایا کہ او پی سی سے موصول ہونے والے قانونی معاملات پنجاب بار کونسل کو بھجوائے جائیں گے، جہاں ماہر وکلاء مفت قانونی مشاورت، رہنمائی اور ضرورت کے مطابق قانونی نمائندگی فراہم کریں گے۔ پنجاب بار کونسل او پی سی کے افسران کی قانونی استعداد کار بڑھانے کیلئے تربیتی پروگرامز بھی منعقد کرے گی، جبکہ دونوں ادارے مشترکہ قانونی آگاہی مہمات کا انعقاد کریں گے۔ دونوں ادارے عملدرآمد اور رابطہ کاری کیلئے فوکل پرسنز مقرر کریں گے۔ او پی سی درخواست گزاروں اور فوکل پرسنز کے درمیان رابطہ قائم کرنے سمیت قانونی دستاویزات کی فراہمی میں معاونت کرے گی۔ اس موقع پر بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ حکومت پنجاب اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں فوری قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے، پنجاب بار کونسل کے ساتھ تعاون اوورسیز پاکستانیوں کو بروقت انصاف کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ فخر حیات اعوان نے کہا کہ پنجاب بار کونسل اوورسیز پاکستانیوں کو بلا معاوضہ اور معیاری قانونی معاونت کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کرے گی اور اس مقصد کیلئے او پی سی کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 10

سے بھری گاڑی اور رکشہ استعمال کر کے پہنچے، خودکش بمبار رکشے میں جبکہ 2 دہشت گرد موٹرسائیکل پر پولیس لائنز تک پہنچے۔ حکام کے مطابق دہشت گرد حملے کے لیے آئی ای ڈیز، دستی بم اور بھاری اسلحہ ساتھ لائے تھے، جبکہ واردات سے قبل پولیس لائنز کی کئی بار ریکی بھی کی گئی۔ تفتیشی حکام کے مطابق واردات میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، سہولت کاروں میں مکان دینے والے اور پولیس لائنز تک رسائی ممکن بنانے والے افراد شامل ہیں۔ حکام کے مطابق واقعے سے متعلق کچھ اہم شواہد فارنزک کے لیے بھجوائے گئے ہیں۔

بقیہ 11

لگائے ملزم کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر حملہ کردیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے دوران زیر حراست ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی گولیاں لگنے سے موقع پر ہلاک ہوگیا جبکہ ملزم کے ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم قتل، اقدام قتل، ڈکیتی اور رابری سمیت سنگین وارداتوں میں ملوث تھا۔

بقیہ 12

پاکستان نیوی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ اینٹی شپ کروز میزائل کے ذریعے طویل فاصلے پر ہدف کو مکمل درستگی سے نشانہ بنانے کی صلاحیت قابل تحسین ہے۔

بقیہ 13

اور شعبان چوہان کو مشکوک حالت میں گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق شعبان چوہان کے قبضے سے ناجائز 30 بور پستول جبکہ محمد ندیم سرگانہ کی جیب سے 6 گولیاں برآمد ہوئیں۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان پولیس کو دیکھ کر فرار ہونے کی کوشش کرنے لگے، تاہم اہلکاروں نے تعاقب کرکے انہیں گرفتار کرلیا۔ تھانہ سی سی ڈی ساہیوال میں انسپکٹر محمد سجاد کی مدعیت میں دونوں ملزمان کے خلاف دفعہ 13 اے اسلحہ آرڈیننس کے تحت مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی گئی ہے، جبکہ دونوں کو حوالات میں بند کردیا گیا ہے۔

بقیہ 14

بازیابی کے لیے مختلف پہلوؤں سے تفتیش کا آغاز کیا۔ بچے کی بازیابی کے لیے والدین نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز سے بھی اپیل کی تھی، گمشدہ بچے کو تھانہ مانگا منڈی کی حدود سے ریکور کیا گیا۔ والدین نے بچے کی بازیابی پر سی سی ڈی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ ترجمان سی سی ڈی کے مطابق سی سی ڈی شہریوں کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے، وزیراعلی مریم نواز کے ویژن کے تحت بچوں سے زیادتی، استحصال اور چائلڈ لیبر ہماری ریڈ لائن ہے۔

بقیہ 15

اب تک بھارت کے حمایت یافتہ 33 دہشت گرد ہلاک ہوچکے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ آپریشن کے دوران اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا گیا، گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران آپریشن تیز کرتے ہوئے مزید 23 دہشت گرد ہلاک کئے گئے، سکیورٹی فورسز نے ایک وسیع علاقے کو کلیئر کرایا ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ مقامی آبادی کو 'فتنۃ الخوارج' اور 'فتنۃ الہند' کے خطرے سے نجات دلائی گئی، یہ کلیئرنس آپریشن خطرے کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گا، 25 ستمبر 2026 کو ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر الگ آپریشن کیا گیا، نوشکی میں آپریشن کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ 11 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ مند' کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے 'فتنۃ الہند' کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک اور اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا، گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران آپریشن شاہان اور دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں، عزم استحکام ویژن کے تحت دہشت گردی کے خلاف مہم پورے عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔

بقیہ 16

دوران کھوسو برادری سے تعلق رکھنے والے نبی بخش کھوسو اور ہادی بخش کھوسو زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر زخمیوں کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ہادی بخش کھوسو کی حالت تشویشناک بتائی گئی۔ ہادی بخش کھوسو کو مزید طبی علاج کے لیے سکھر ریفر کردیا گیا ہے۔ واقعے کے حوالے سے پولیس کی جانب سے مزید کارروائی اور تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 17

TG-349 سے آنے والے ایک مسافر کے سامان کی تلاشی کے دوران 35 کلوگرام مشتبہ چرس برآمد ہوئی۔ حکام کے مطابق برآمد شدہ منشیات کی تخمینہ شدہ مالیت 66 کروڑ روپے سے زائد ہے۔ ممنوعہ مواد کو فوری طور پر کسٹمز کی تحویل میں لے لیا گیا۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق ملزم مسافر کے خلاف متعلقہ قانونی دفعات کے تحت ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے، جبکہ منشیات کے ماخذ اور اس کی مطلوبہ منزل کے تعین کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ کسٹمز حکام نے کہا کہ سرحد پار اسمگلنگ اور غیر قانونی منشیات کی ترسیل کی روک تھام کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 18

میں قتل بالسبب کے جرم میں مقدمہ درج کرلیا، 34 سالہ بھائی عدنان یوسف نجی ہاسنگ سوسائٹی میں پرائیویٹ ملازمت کرتا اور تین بچوں کا والد تھا. بھائی کے بچے اور اہلیہ گاں میں ہی مقیم ہیں. اپنے گھر ایبٹ آباد موجود تھے کہ فون پر اطلاع ملی کے چھوٹے بھائی عدنان یوسف کی نعش نجی سوسائٹی کے ہیپتال میں موجود ہے۔ اطلاع پر ہیپتال پہنچے تو عبد العلیم ملا اور بتایا کہ عدنان یوسف سے دوستی اور گہرا تعلق ہے۔ بھائی نے بتایا کہ دونوں دونوں گیس سلینڈر کی ترسیل کے لیے سوسائٹی کے فیز 8 گیے، میں سلینڈر دینے عطا کے فلیٹ پر چلا گیا جبکہ عدنان یوسف موٹر سائیکل کے قریب کھڑا رہا۔ سلنڈر دیکر واپس آیا تو دیکھا عدنان یوسف کوڑے والی ٹوکری سے دو بوتلیں اٹھا رہا تھا۔ اسی دوران عقیل احمد نامی شخص نے عدنان یوسف کو بوتلیں اٹھانے سے منع کیا اور نجی ہاسنگ سوسائٹی کی سیکورٹی کو کال کی، نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کی سیکورٹی ٹیم آئی تو عقیل احمد سیکورٹی ٹیم کی موجودگی میں عدنان یوسف کو منہ پر ککے مار کر تشدد کا نشانہ بناتا رہا جس سے وہ زمین پر گر گیا عدنان یوسف کے منہ اور ناک سے خون بہنے لگا . میں نے عقیل احمد کو منع کیا تو وہ دھمکیاں دینے لگا کہ خاموش رہو تمہیں بھی دیکھ لیتا ہوں نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے عملے نے عدنان یوسف کو مداخلت کر کے اپنی گاڑی میں بٹھایا اور عقیل احمد اور مجھے پولیس چوکی پہنچنے کے لیے کہا۔ دکان پر پہنچا تو اطلاع ملی کہ عدنان یوسف کی نعش سوسائٹی کے ہیپتال میں پڑی ہے، عدنان یوسف کے لواحقین کا پتہ چلا کر انھیں اور پولیس ایمرجنسی پر اطلاع کی، مزید نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے سیکورٹی عملے نے بتایا کہ عدنان یوسف نے پولیس چوکی منتقلی کے دوران سجاول نیازی سپروائزر کی موجودگی میں چلتی گاڑی سے چھلانگ لگائی، چھلانگ لگانے سے سڑک پر گرا اور زخمی ہوکر دم توڑ گیا۔ ڈیڈ باڈی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہیپتال منتقل کی جارہی ہے، مقدمے میں کہا گیا کہ عدنان یوسف کو قتل کرنے میں عقیل احمد اور نجی ہاسنگ سوسائٹی کا سیکورٹی عملہ ملوث ہے، ظاہری ملاحظہ میں عدنان یوسف کے ناک منہ سے خون جس پر تشدد اور گڑ کے نشانات پائے گے . عدنان کا پوسٹ مارٹم کروالیا گیا ہے حتمی صورتحال فرانزک رپورٹ آنے پر سامنے آئیگی، واقعہ کا مقدمہ قتل بالسبب کی دفعہ 322 کے تحت درج کر کے تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 19

سات لاکھ لیٹر ڈیزل لے کر مال گاڑی پشاور ریجن پہنچ گئی، جبکہ دوسری مال گاڑی محمود کوٹ سے 10 لاکھ لیٹر ڈیزل لے کر پشاور ریجن پہنچی۔ وزیر ریلوے نے انتظامیہ کو ڈیزل کی ترسیل روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت ڈیزل فراہمی سے عوام کے لیے سفری سہولیات کا تسلسل یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 20

بلدیاتی قانون میں تبدیلی کا وقت دے رکھا ہے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے کسان اتحاد پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات کا کیس بھی 29 ستمبر کو مقرر کردیا۔

بقیہ 21

مبینہ طور پر گالم گلوچ کے بعد پہلے ایک خواجہ سراء کو تشدد کا نشانہ بنایا جس کے جواب میں موقع پر موجود دیگر خواجہ سراؤں نے نوجوان کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ واقعے کی ویڈیو میں دونوں فریقین کو ایک دوسرے سے الجھتے اور ہاتھاپائی کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع ملنے پر تھانہ ڈیفنس بی پولیس نے جھگڑے کی بنیاد پر دونوں فریقین کے خلاف کارروائی کی۔

بقیہ 22

مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر پی آئی اے کو 70 لاکھ روپے سے زائد جبکہ لاہور ایئر پورٹ پر 14 لاکھ 85 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ دوسری جانب پی آئی اے حکام نے سامان کی تاخیر کی ذمہ داری پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کی سہولیات پر عائد کردی۔ پی آئی اے کے جنرل منیجر ٹریفک طارق مجید کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر کنویئر بیلنس اور ایکسنز کی مناسب دستیابی نہ ہونے کے باعث مسافروں کو سامان بروقت فراہم نہیں ہوپاتا۔ متعدد پروازوں کے ایک ہی وقت میں اترنے سے بھی سامان کی ترسیل متاثر ہوتی ہے جبکہ پی آئی اے کی آپریشنل صلاحیت محدود ہونے کے باعث بروقت گراؤنڈ ہینڈلنگ میں بھی مشکلات پیش آتی ہیں۔ پی آئی اے ترجمان عبداللہ خان نے کہا کہ ایئرلائنز پر جرمانے معمول کی کارروائی کا حصہ ہیں اور دیگر فضائی کمپنیوں کو بھی ایسے جرمانوں کا سامنا ہوتا ہے۔ جرمانے میں کمی یا اسے ختم کروانے کیلئے پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی سے بات چیت جاری ہے۔

بقیہ 23

دونوں فریقین کا آمادہ ہونا لازم ہے، اپوزیشن کی جانب سے بھی مذاکرات کے لیے باتیں کی جارہی ہیں۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ اپوزیشن کی صفوں میں چند لوگ مذاکرات کے عمل کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کا اولین مشن ہے۔

بقیہ 24

مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا، وفاقی وزیر داخلہ نے شکایات سیل، فرانزک لیب اور انویسٹی گیشن ونگ کا معائنہ کیا، شہریوں کی شکایات سے لے کر تفتیش اور ملزمان کے خلاف کارروائی تک پورے نظام کا جائزہ لیا گیا۔ محسن نقوی نے اس موقع پر کہا کہ سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بیٹھا ہو، قانون کی گرفت میں لانا ہے، انہوں نے زیر التواء مقدمات اور شکایات کا کیس ٹو کیس جائزہ لینے اور غیر ضروری تاخیر ختم کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ شہری کو شکایت درج کرانے کے بعد مہینوں انتظار نہیں کرنا چاہیے، ہر شکایت پر بروقت پیش رفت نظر آنی چاہیے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیجیٹل فرانزک کی استعداد بڑھانے، جدید فرانزک ٹولز کے استعمال اور تفتیشی افسران کی خصوصی تربیت کی ہدایت بھی کی، انہوں نے آن لائن مالیاتی فراڈ میں ملوث منظم گروہوں، جعلی اکاؤنٹس، ڈیجیٹل بلیک میلنگ اور آن لائن ہراسانی میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کرنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 25

تھانہ شالیمار اور تھانہ سیکرٹریٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے (SIPS) پروٹوکولز کے تحت جاری ترقیاتی کاموں، پولیس افسران و جوانوں کو دستیاب سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سروسز کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران آئی جی اسلام آباد نے تھانوں کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے ترقیاتی کاموں کی پیش رفت اور شہری سہولیات کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام جاری ترقیاتی کام مقررہ معیار اور طے شدہ مدت کے مطابق مکمل کیے جائیں اور ان کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

بقیہ 26

کو گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 27

اشتہاریوں کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 28

ذمہ داری منتظمین پر عائد ہوگی۔ نئے آرڈیننس کے تحت سیف سٹی کے کسی کیمرے یا اس سے متعلق نظام کو نقصان پہنچانے، توڑ پھوڑ کرنے، یا کسی کو ایسا کرنے پر اکسانے اور ترغیب دینے پر بھاری جرمانہ ہوگا۔ قانون کے مطابق اگر سیف سٹی کا ایک کیمرہ بھی نقصان پہنچنے سے متاثر ہوتا ہے تو فی کیمرہ 20 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ اسی طرح کسی احتجاج، جلسے یا دھرنے کے دوران سیف سٹی کے آلات کو نقصان پہنچنے کی صورت میں پروگرام کے منتظمین کو ذمہ دار قرار دیا جائے گا۔ آرڈیننس کے تحت جرمانے اور نقصان کے ازالے کی مد میں وصول ہونے والی رقم سیف سٹی کیمروں اور دیگر آلات کی مرمت یا نئے آلات کی تنصیب پر خرچ کی جائے گی۔ نئے قانون میں جرمانے یا کارروائی سے متاثرہ افراد کے لیے اپیل کا حق بھی رکھا گیا ہے۔ متعلقہ فرد یا منتظم فیصلے کے خلاف 30 دن کے اندر مجاز فورم پر اپیل دائر کر سکے گا۔ آرڈیننس کا مقصد اسلام آباد کے سیف سٹی منصوبے کے تحت نصب کیمروں اور دیگر حفاظتی تنصیبات کو نقصان سے محفوظ رکھنا اور سرکاری املاک کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 29

سالانہ 50 ارب روپے ٹیکس وصولی کا ہدف مقرر کیا ہے، تاہم جمعہ تک اس اسکیم سے صرف 32.5 ملین روپے حاصل ہوئے۔ وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے اسکیم پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کی، جس میں بتایا گیا کہ مجموعی طور پر 428 دکانداروں نے ریٹرن جمع کرائے، تاہم ان میں نئے شامل ہونے والے تاجروں کی تعداد صرف 3 ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق 1929 نئے تاجروں نے ٹیکس نظام میں رجسٹریشن کرائی، جن میں سے 57 نے ریٹرن تیار کیے لیکن ابھی جمع نہیں کرائے، جبکہ مجموعی طور پر 9806 دکانداروں نے ریٹرن تیار کیے ہیں۔ تاجر رہنماؤں نے آن لائن ریٹرن جمع کرانے میں مشکلات کی شکایت کرتے ہوئے ذمہ داری ایف بی آر پر عائد کی، جس پر وزیر مملکت نے ایف بی آر کو تکنیکی اعتراضات فوری دور کرنے اور ریٹرن جمع کرانے والے دکانداروں کو ایف بی آر پلیکس جلد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 30

شکردرہ، اے ایس آئی محمد شہزاد، اے ایس آئی توقیر احمد، اے ایس آئی نزاکت حسین، ہیڈ کانسٹیبل عامر شہزاد اور دیگر اہلکاروں کے ہمراہ اٹک خورد پل پر موجود تھے کہ پشاور کی جانب سے تقریباً 250 نامعلوم افراد کا مجمع وہاں پہنچا۔ ایف آئی آر کے مطابق ان افراد میں سے بیشتر کا تعلق ملحقہ آبادیوں خیرآباد اور جہانگیرہ سے معلوم ہوتا ہے اور پولیس نے انہیں سامنے آنے پر شناخت کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔

بقیہ 31

مشاہدہ کیا، کامیاب فائرنگ سے ہنگور کے ویپن سسٹمز اور جنگی تیاری کی توثیق ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہنگور کی کامیاب فائرنگ پاک بحریہ کی زیرِ آب جنگی صلاحیتوں میں اہم سنگِ میل ہے۔ نیول چیف نے پی این ایس/ایم ہنگور کی جنگی صلاحیت اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ نیول چیف نے کہا کہ زیرِ آب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابلِ اعتماد دفاعی صلاحیت کے لیے ناگزیر ہے، پاک بحریہ پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 32

ڈار افتتاحی پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب کے تعلیمی نظام کو اے آئی کے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے علی ڈار نے کہا کہ اے آئی کریکولم پنجاب میں تعلیم حاصل کرنے والے لاکھوں بچوں کو مستقبل کی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل معیشت اور نئے روزگار کے مواقع کے لیے تیار کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ علی ڈار نے کہا کہ 1 لاکھ 60 ہزار سے زائد اساتذہ کی اے آئی تربیت پنجاب کے تعلیمی شعبے میں ایک بڑی تبدیلی کی بنیاد بنے گی۔ اس تربیت کے ذریعے اساتذہ جدید اے آئی ٹولز کو تدریس میں ذمہ دارانہ اور مؤثر انداز میں استعمال کرنے کے قابل ہوں گے۔ علی ڈار نے کہا کہ اے آئی صرف ایک ٹیکنالوجی نہیں بلکہ مستقبل کی تعلیم اور روزگار کی بنیادی مہارت بن رہی ہے۔ نئے اے آئی کریکولم کا مقصد طلبہ میں ڈیجیٹل اور اے آئی مہارتیں پیدا کرنا اور انہیں مستقبل کے مواقع کے لیے تیار کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے آئی تعلیم کو زیادہ مؤثر، جدید اور طلبہ کی ضروریات کے مطابق بنانے کے نئے مواقع فراہم کر رہی ہے، جبکہ ذمہ دارانہ اے آئی استعمال اور ڈیجیٹل مہارتوں کو پنجاب کے تعلیمی نظام کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔ اس اقدام پر اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پیکٹا، پی ایم آئی یو۔ پی ای ایس آر پی، یونیسیف اور آفس آف اے آئی مشترکہ طور پر کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 33

کے علاوہ رکشہ اور موٹر سائیکل بھی استعمال کی، خودکش بمبار رکشے میں جبکہ 2 دہشتگرد موٹرسائیکل پر پولیس لائنز تک پہنچے۔ حکام کے مطابق بلاک بلاک دہشتگرد پولیس لائنز حملے کے لیے آئی ای ڈیز، دستی بم اور بھاری اسلحہ ساتھ لائے تھے، جبکہ واردات سے قبل دہشتگردوں نے پولیس لائنز کی کئی بار ریکی بھی کی۔ تفتیشی حکام کے مطابق حملے میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، سہولت کاروں میں دہشتگردوں کو مکان فراہم کرنے اور پولیس لائنز تک رسائی ممکن بنانے والے افراد شامل ہیں۔ حکام کے مطابق واقعے سے متعلق کچھ اہم شواہد فرانزک تجزیے کے لیے بھجوائے گئے ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 34

تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اصلاحات کا مقصد ضابطہ جاتی عمل آسان، کاروباری اداروں پر تعمیلی بوجھ کم اور کاروباری سرگرمیاں مزید آسان بنانا ہے۔

بقیہ 35

انکوائری بند ہونے کے باوجود کافی عرصے بعد ایف آئی اے اسلام آباد نے انہی الزامات پر دوبارہ کارروائی شروع کردی ہے۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ موجودہ انکوائری کسی نئے یا الگ واقعے سے متعلق نہیں بلکہ اسی واقعے اور انہی الزامات کی بنیاد پر ہے جن کا پہلے جائزہ لیا جاچکا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ محض دفتر یا تفتیشی افسر کی تبدیلی سے انہی الزامات پر دوبارہ انکوائری شروع نہیں کی جاسکتی۔ ایک ہی حقائق اور ایک ہی الزام کی بنیاد پر دوبارہ انکوائری کا عمل آئینی تحفظ کے منافی ہے۔ عدالت نے حکم دیا کہ ایف آئی اے ایبٹ آباد کی جانب سے پہلے مکمل اور بند کی گئی انکوائری کو دوبارہ نہیں کھولا جاسکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ایک ہی معاملے پر دوبارہ کارروائی کرنا ملزم کو ڈبل جیپرڈی یعنی ایک ہی معاملے میں دوبارہ کارروائی کا سامنا کرنے کے مترادف ہے۔

بقیہ 36

آیا جس کے بعد انہوں نے جدید آئی فون خریدا جس کی قیمت تقریباً 10 لاکھ روپے تھی۔ بعد ازاں وہ جیولری شاپ گئیں جہاں سونے کے زیورات خریدے اور زیادہ تر رقم وہیں خرچ کردی۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی بڑی تعداد نے اس اقدام کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ کچھ صارفین نے کہا کہ عوام کے سامنے اس طرح دولت کی نمائش مناسب نہیں، جبکہ دیگر نے اسے غیر ضروری دکھاوا قرار دیا۔ کچھ افراد نے کہا کہ مسئلہ پیسہ خرچ کرنے کا نہیں بلکہ اسے سوشل میڈیا پر دکھانے کا ہے۔ دوسری جانب چند صارفین کا کہنا تھا کہ تنقید کے باوجود ایسے وی لاگز سے یوٹیوبرز کو مزید شہرت اور آمدن حاصل ہوتی ہے۔

بقیہ 37

ہو اور اپنے ہمسایوں کے ساتھ امن سے رہے، پاکستان نے اسی مقصد کے تحت افغانستان کے ساتھ تعمیری روابط کی پالیسی اپنائی اور دوطرفہ ٹرانزٹ تجارت کے لیے مختلف سہولتیں بھی فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی واحد توقع یہ ہے کہ طالبان حکومت اس کے جائز سیکیورٹی خدشات دور کرے اور ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور دیگر گروہوں کے خلاف ٹھوس اور قابلِ تصدیق کارروائی کرے جو پاکستان کی خودمختاری اور شہریوں کی زندگیوں کے لیے خطرہ ہیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ خطے میں امن اور ترقی اسی وقت ممکن ہے جب افغانستان سے دہشت گردی کے خطرے کا خاتمہ ہو۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تقریباً 80 لاکھ مربع کلومیٹر رقبے اور تقریباً 50 کروڑ آبادی پر مشتمل ای سی او خطہ اپنی حقیقی تجارتی صلاحیت کے مقابلے میں عالمی تجارت میں صرف تقریباً 2.2 فیصد حصہ رکھتا ہے، اس لیے علاقائی تجارت اور اقتصادی تعاون کے فروغ کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ وسطی اور جنوبی ایشیا کو ملانے والے رابطہ کاری کے منصوبوں سے خطے کی اقتصادی صلاحیت کو بروئے کار لانے کے نئے مواقع پیدا ہوسکتے ہیں، پاکستان خطے کیلئے گیٹ وے کا کردار ادا کرنے اور وسطی ایشیا کو بحیرہ عرب کی بندرگاہوں سے ملانے والے اہم تجارتی راستوں کو فعال بنانے کیلئے تیار ہے۔ اسحاق ڈار نے ویزا نظام میں بہتری، اشیا اور افراد کی نقل و حرکت آسان بنانے، ڈیجیٹل انضمام اور ٹرانزٹ نظام بہتر بنانے کو بھی علاقائی تعاون کے اہم نکات قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ای سی او کے 2026 سے 2035 کے سٹریٹیجک اہداف آنے والی دہائی میں علاقائی تعاون کیلئے ایک عملی اور پرعزم فریم ورک فراہم کریں گے، نومبر میں اسلام آباد میں ای سی او کونسل وزرائے خارجہ کے 30 ویں اجلاس کی تیاریوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان تمام رکن ممالک اور ای سی او سیکریٹریٹ کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 38

مبینہ طور پر گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے قتل کیا۔ دوسری جانب واردات کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا، جب کہ مقتولہ کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے مقامی ہسپتال منتقل کردی گئی۔ پولیس کے مطابق موقع سے شواہد اکٹھے کر کے ملزم کی تلاش کے لیے چھاپے مارنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، جلد مزید حقائق سامنے آئیں گے۔

بقیہ 39

اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا گیا، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، راولپنڈی پولیس جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 40

50 ہزار روپے اور موبائل فون برآمد ہوا، ملزمہ نے ساتھیوں کے ساتھ ملکر گھر میں چوری کی واردات کی اور فرار ہوگئی، مندرہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمہ کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 41

تعلیم ہیں، جبکہ شہداء کے خاندانوں سے تعلق رکھنے والے بچے بھی دور دراز علاقوں سے آ کر اسی ادارے کے ہاسٹل میں رہائش پذیر ہیں۔ مقامی آبادی کا کہنا ہے کہ کوئلہ کریشر پلانٹس سے پیدا ہونے والے گرد و غبار، شور اور ممکنہ فضائی آلودگی کے خدشات کے پیش نظر آبادی اور تعلیمی ادارے کے قریب ان کی تنصیب تشویش کا باعث ہے، جس پر ماحولیاتی اور قانونی تقاضوں کی مکمل جانچ ضروری ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ محمد اقبال سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے بشارت روڈ پر قائم کریشر پلانٹس کا موقع پر معائنہ، ان کی قانونی و ماحولیاتی حیثیت کی جانچ اور سکول و آبادی سے فاصلے سمیت تمام متعلقہ ضوابط کی پڑتال کرائی جائے، جبکہ خلاف ضابطہ تنصیب ثابت ہونے کی صورت میں پلانٹس کو آبادی اور تعلیمی ادارے سے دور منتقل کرنے کے لیے فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 42

گرجا گھروں کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اتوار کے روز بھی فیلڈ میں متحرک رہتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا۔ انہوں نے موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی، فرائض کی انجام دہی کا جائزہ لیا اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ مزید ایس ایس پی آپریشنز نے گرجا گھروں کے داخلی و خارجی راستوں، پارکنگ ایریاز اور اردگرد کے علاقوں میں تعینات نفری سمیت مجموعی سکیورٹی پلان کا معائنہ کیا، جہاں پر گرجا گھروں کی انتظامیہ سے ملاقات کے دوران کہا کہ اسلام آباد پولیس بلاتفریق تمام مذاہب کے ماننے والوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس اسٹیشن یا پولیس ہیلپ "لائن پکار-15" پر دیں۔

بقیہ 43

اور اپنے مسائل و شکایات براہ راست پیش کیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی شکایات خود سنیں اور متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ان کے مسائل کے فوری حل اور شکایات کے ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر شہریوں اور مقدمات کے مدعیان کی جانب سے تفتیش سے متعلق شکایات بھی سنی گئیں۔ ناقص تفتیش اور شہریوں کی شکایات پر متعلقہ تفتیشی افسران اور ایس ایچ اوز سے وضاحت طلب کی گئی اور شکایات کے قانون کے مطابق ازالے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا فوری حل، میرٹ پر دادرسی اور انصاف کی فراہمی اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر شکایت پر قانون اور میرٹ کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی عزت، جان و مال اور جائز حقوق کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہریوں کے ذریعے شہریوں کو ایک مؤثر اور آسان پلیٹ فارم فراہم کیا جا رہا ہے، جہاں وہ بلاجھجک اور بغیر کسی سفارش کے اپنے مسائل براہ راست پولیس افسران کے سامنے پیش کر سکتے ہیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے واضح کیا کہ شہری کا جائز حق ہی اس کی سب سے بڑی سفارش ہے اور ہر معاملے میں میرٹ کو مقدم رکھا جائے گا۔

بقیہ 44

خان، سرپرست اعلی حاجی صابر حسین، وائس چیئرمین وارث دلیپ، چیف کورآڈینیٹر محمد واجد گجر، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری اسد محمود، محمد سرفراز ملک، صفدر عباسی، شفیع اللہ خان سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر قائد مزدور سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یسین نے کہا کہ مزدور یونین نے قومی صنعتی تعلقات ایکٹ 2012 کے تحت قانونی طور پر ملازمین کے مسائل اور مطالبات پر مشتمل چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کیا ہے جس میں ملازمین کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ، رہائشی فلیٹس سمیت مزید رہائشی کالونیوں کی منظوری، ملازمین کے بچوں کی بھرتی، فیلڈ سٹاف کے لیے اوورٹائم اور سائٹ آفس کی فوری منظوری، پیشہ وارانہ صحت و سلامتی کے سامان کی فراہمی، سی ڈی اے کے مختلف شعبہ جات کی اپ گریڈیشن، ملازمت سے متعلق مسائل، موجودہ ملنے والے الاؤنسز میں اضافہ و نئے الاؤنسز کی منظوری، ملازمین کی لائن آف پروموشن کی منظوری، سی ڈی اے ماڈل کالج کی تعمیر، اسکیلوں کی اپ گریڈیشن، نئے آسامیوں کی تخلیق سمیت ملازمین کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لیے دیگر مطالبات شامل ہیں، سی ڈی اے مزدور یونین مذاکرات پر یقین رکھتی ہے اور چیئرمین سی ڈی اے اور ممبر ایڈمن کی مثبت سوچ کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید کرتے ہیں کہ سی ڈی اے انتظامیہ چارٹر آف ڈیمانڈ پر روز مرہ کی بنیادوں پر مشاورت کے عمل کو یقینی بنائے گی اور طے پانے والے مطالبات کی منظوری کے بعد حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 45

پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران مختلف کارروائیوں میں سنگین جرائم میں ملوث 217 ملزمان کو گرفتار کیا، جبکہ ان کے قبضے سے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں 145 عدالتی مفرور، مجرمان اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان شامل ہیں، جبکہ منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں 72 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 4,192 گرام آئس، 5,169 گرام چرس، 1,531 گرام ہیروئن، 10 بوتل شراب، ایک گن، پانچ خنجر اور مختلف بور کے 36 پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ مزید براں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے زونل ایس پیز کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز بھی کیے گئے۔ ان کارروائیوں کے دوران 2,576 افراد، 986 گھروں، 227 دکانوں، 93 ہوٹلز، 1,216 موٹر سائیکلوں اور 488 گاڑیوں کی چیکنگ عمل میں لائی گئی۔ سرچ آپریشنز کے دوران مزید جانچ پڑتال کے لیے 137 مشکوک افراد، 142 موٹر سائیکلیں اور دو گاڑیاں مختلف تھانوں میں منتقل کی گئیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے شب و روز مصروف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے سرچ، کومبنگ اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی "No to Weapon" مہم کے تحت غیر قانونی اسلحہ رکھنے، اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 46

سائیکلوں اور چھوٹی گاڑیوں کے لئے پیٹرول کی قیمت میں 100 روپے فی لیٹر تک کمی کی ہے، اب تک 60 لاکھ سے زائد افراد اپنی موٹرسائیکلیں اور گاڑیاں رجسٹر کرا چکے ہیں، تقریباً 60 لاکھ افراد کے پاس 20 سال پرانی موٹرسائیکلیں ہیں۔ علی پرویز ملک نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کو عوام کی مشکلات اور تکلیف کا احساس ہے، حکومت وہ کام نہیں کرے گی جو 2022 میں سابق حکومت نے کیا تھا۔

بقیہ 47

سے پوچھنے پر اس نے بتایا کہ سکول کا چوکیدار رفیق اسے بریک ٹائم کے دوران دوسری منزل پر واقع کچن میں لے گیا جہاں اس کے ساتھ مبینہ طور پر نامناسب حرکات کی گئیں۔ ایف آئی آر کے مطابق والدین نے بچی کے کپڑے چیک کیے تو ان پر مبینہ طور پر داغ موجود تھے۔ واقعے کی چھان بین کے لیے سکول پہنچنے پر بچی نے مبینہ طور پر چوکیدار کی شناخت بھی کرلی۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں جبکہ الزام کی مزید تصدیق تفتیش کے دوران کی جائے گی۔

بقیہ 48

میں کام کر رہی ہیں اور آپٹیکل فائبر کیبل کی مرمت کا عمل جاری ہے، متاثرہ علاقوں میں انٹرنیٹ سروس چند گھنٹوں میں بحال ہونے کا امکان ہے، ملک کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں انٹرنیٹ سروس معمول کے مطابق جاری ہے۔

بقیہ 49

لیے 4 ہزار 300 سے زائد درخواستیں موصول ہوچکی ہیں، جن میں سے 2 ہزار 537 درخواست گزاروں کی تصدیق مکمل کرلی گئی ہے۔ اب تک ایک ہزار 250 افراد کو مینوفیکچرنگ لائسنس جاری کیے جاچکے ہیں، جبکہ مزید ایک ہزار 500 درخواست گزاروں کی فیلڈ تصدیق کا عمل جاری ہے۔ لائسنس کے اجراء کے بعد منظور شدہ مینوفیکچررز بسنت کے لیے پتنگ اور ڈور تیار کرسکیں گے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مینوفیکچرنگ کی اجازت چھ ماہ قبل دینے کا مقصد پتنگ اور ڈور کی طلب و رسد کو پورا کرنا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ سال ایک ہزار 605 افراد نے مینوفیکچرنگ لائسنس کے لیے درخواستیں دی تھیں، جبکہ ایک ہزار 337 افراد کو پتنگ اور ڈور سازی کے لائسنس جاری کیے گئے تھے۔

بقیہ 50

اجلاس میں سکیورٹی صورتحال اور مملکت سعودی عرب کو درپیش خطرات کا جائزہ لیا گیا، شرکا نے کہا کہ اجلاس دفاعی شراکت داری مضبوط بنانے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شرکا نے مکہ مکرمہ، شہری آبادی اور اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی۔ شرکا نے سعودی مسلح افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اجلاس میں مملکت کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے سعودی افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بھی ستائش کی گئی۔ اجلاس میں تینوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں عسکری رابطہ کاری اور دفاعی صلاحیتوں کے انضمام کو بہتر بنانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے تینوں ممالک کے عوام اور مسلح افواج کے درمیان دیرینہ تعلقات اور باہمی اعتماد کو سراہا۔

بقیہ 51

گیا۔ وزیر ریلوے حنیف عباسی نے وے برجز پر اوورلوڈنگ کا سخت نوٹس ہوتے ہوئے شکایت پر فوری کارروائی کی ہدایت جاری کیں۔ اجلاس میں ڈویژنز میں جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے اہم فیصلے کئے گئے جس کے تحت ہیڈکوارٹرز آفس ڈویژنوں کی ڈیمانڈ کا 72 گھنٹے میں جواب دینے کا پابند ہوگا۔ حنیف عباسی نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن میں عملے کے ساتھ کھڑا ہوں، کسی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ تجاوزات کے خلاف کامیابی کے لئے نیب اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد لی جارہی ہے۔ وزیر ریلوے نے ہدایت کی کہ اپ گریڈ ہونے والی ٹرین کا ریک کسی صورت تبدیل نہ کیا جائے۔ وزیر ریلوے نے پہلی سہ ماہی میں 26 ارب آمدن حاصل کرنے پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے انتظامیہ کو شاباش دی۔

بقیہ 52

میں مبتلا مریض کیرو ابلیشن کے لیے منتخب ہوں گے، جبکہ 2 سینٹی میٹر تک کے کینسر ٹیومر والے مریضوں کا علاج ممکن ہوگا۔ کیرو ابلیشن کے ذریعے کینسر ٹیومر کو منفی 180 ڈگری پر فریز کرکے اور 100 ڈگری حرارت سے جلا کر ختم کیا جائے گا۔ کیرو ابلیشن مشین سے کینسر کا علاج مکمل طور پر مفت ہوگا اور مریضوں سے کوئی چارجز نہیں لیے جائیں گے۔ ہولی فیملی ہسپتال، بینظیر بھٹو ہسپتال، راولپنڈی ٹیچنگ ہسپتال اور پی کے ایل آئی سے مریضوں کے کیسز بھجوائے جائیں گے۔ کیرو ابلیشن سے قبل نوری ہسپتال اسلام آباد کے ماہر ڈاکٹرز سے مریضوں کی کنسلٹیشن بھی ہوگی۔ پہلے مرحلے میں 15 مریضوں کا کیرو ابلیشن مشین کے ذریعے علاج کیا جائے گا۔ 15 مریضوں کے علاج کے بعد مزید مریضوں کے لیے پروب فراہم کیے جائیں گے۔ 2 سینٹی میٹر سے بڑے کینسر ٹیومر والے مریض کیرو ابلیشن کے لیے اہل نہیں ہوں گے۔

بقیہ 53

کے مطابق ایک ٹیلی کام آپریٹر کے نیٹ ورک میں آپٹیکل فائبر کیبل کٹنے سے سروس متاثر ہوئی تھی، جس کے باعث چند سروس فراہم کنندگان کے نیٹ ورک میں جزوی خرابی دیکھی گئی۔ پی ٹی اے نے کہا کہ انٹرنیٹ سروس میں خرابی مقامی اور گردونواح کے چند علاقوں تک محدود تھی، جبکہ ملک کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں انٹرنیٹ سروس معمول کے مطابق جاری رہی۔ شمالی ریجن کے کچھ علاقوں میں بھی انٹرنیٹ سروس متاثر ہوئی تھی۔ پی ٹی اے کے مطابق تکنیکی ٹیموں نے آپٹیکل فائبر کیبل کی مرمت اور سروس کی بحالی کے لیے کام کیا، جس کے بعد زیادہ تر علاقوں میں سروسز بحال کر دی گئیں۔ راولپنڈی اور اسلام آباد میں انٹرنیٹ سروسز مکمل طور پر بحال ہوچکی ہیں اور اب انٹرنیٹ معمول کے مطابق کام کررہا ہے۔

بقیہ 54

بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت ہے جبکہ اس وقت صرف 1800 سے 2300 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2035 تک پاکستان میں توانائی کی منتقلی موجودہ تقسیم شدہ توانائی کے ماڈل سے آگے بڑھ کر تقسیم شدہ توانائی ذخیرہ کرنے کے نظام، مائیکرو گرڈز، عمودی پاور پلانٹس، مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا اینالیٹکس، توانائی کی بچت اور مؤثر استعمال سمیت دیگر شعبوں تک پھیل سکتی ہے۔ رپورٹ میں تجویز دی گئی ہے کہ بنگلہ دیش کی طرح پاکستان میں بھی 5 سے 10 کلوواٹ کی تنصیب رکھنے والے گھریلو صارفین اضافی پیدا ہونے والی بجلی اپنے پڑوسیوں کو فراہم کرسکتے ہیں۔

بقیہ 55

کیٹیگری میں دنیا بھر کی وومن یونیورسٹیز میں پہلی پوزیشن بھی حاصل کی۔ یونیورسٹی نے ایشیا میں 358 ویں جبکہ پاکستان کی سرکاری و نجی جامعات میں مجموعی طور پر 24 ویں پوزیشن حاصل کی ہے۔ دنیا بھر کی 2016 جامعات پر مشتمل 2026 کی رینکنگ میں فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی نے مجموعی طور پر 612 ویں پوزیشن حاصل کی جو گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نمایاں بہتری ہے۔ یونیورسٹی نے 2023 میں 1183 جامعات میں 835 ویں، 2024 میں 734 ویں اور 2025 میں 663 ویں پوزیشن حاصل کی تھی۔

بقیہ 56

کا پرنٹ لے کر مجاز ڈاکٹر سے تصدیق کروانے کا عمل جاری ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ فٹنس سرٹیفکیٹ تصدیق کے بعد پاک حج ایپ یا حج پورٹل پر دوبارہ اب لوڈ کرنا لازمی ہے، سمندر پار پاکستانی بھی اپنے نزدیکی ڈاکٹر سے فٹنس سرٹیفکیٹ لے کر ایپ پر اپلوڈ کریں۔ اعلامیے کے مطابق کامیاب عازمین حج کو ہارڈشپ کوٹہ کے تحت اپنے محرم یا ہیلپر کی درخواست دینے کی سہولت ملے گی، کسی مجبوری کی بنا پر حج درخواست کی منسوخی اور رقم واپسی کا فیچر بھی متعارف کروادیا گیا ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ نیشنل آئی ٹی بورڈ کے ڈیجیٹل حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج کی بکنگ بھی جاری ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج پورٹل سے باہر پرائیویٹ حج کی بکنگ یا ادائیگی کی ممانعت ہے، پرائیویٹ حج اسکیم میں 26 ہزار درخواستیں مکمل، 45 ہزار نشستیں موجود ہیں۔

بقیہ 57

کا سرمایہ افتخار ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنۃ الہندوستان اور فتنۃ الخوارج کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے۔

سائبر جرائم کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا حکم

ڈیجیٹل فرانزک کی استعداد بڑھانے، جدید فرانزک ٹولز کے استعمال، تفتیشی افسران کی خصوصی تربیت کی ہدایت

وفاقی وزیر داخلہ کا این سی سی آئی اے سینٹرل زون ہیڈ کوارٹرز کا دورہ، سائبر کرائمز کیخلاف جاری آپریشنز اور تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سائبر جرائم کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بیٹھا ہو اسے قانون کی گرفت میں لانا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں این سی سی آئی اے سینٹرل زون ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا جہاں ان کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں سائبر کرائمز کے خلاف جاری آپریشنز اور تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ خصوصی اجلاس میں آن لائن مالیاتی فراڈ، ہراسانی اور منظم سائبر کرائم نیٹ ورکس کے خلاف کریک ڈاؤن (بقیہ نمبر 2 4)


اسلام آباد: ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کھلی کچہری کے دوران شہری کے مسائل سن رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کا تھانہ کوہسار، شالیمار اور سیکرٹریٹ کا دورہ

پولیس افسران و جوانوں کی سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانیوالی پولیس سروسز کا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد نے تھانہ کوہسار، شالیمار اور سیکرٹریٹ کا دورہ کرکے تھانہ جات میں (SIPS) پروٹوکولز کے تحت جاری ترقیاتی امور، پولیس افسران و جوانوں کی سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سروسز کا معائنہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے تھانہ کوہسار، (بقیہ نمبر 2 5)

لاہور: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اپنے حلقے کا دورہ کر رہے ہیں

سیف سٹی کیمروں کو نقصان پہنچانے پر 20 لاکھ کا جرمانہ

احتجاج، جلسے یا دھرنے کے دوران ہونے والے نقصان کی ذمہ داری منتظمین پر عائد ہوگی

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد میں سیف سٹی کے کیمروں اور دیگر حفاظتی تنصیبات کو نقصان پہنچانا اب بھاری پڑے گا۔ صدر مملکت نے نئے سیف سٹی آرڈیننس کی منظوری دے دی ہے۔ نئے قانون کے تحت سیف سٹی کیمرے کو نقصان پہنچانے پر 20 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا، جبکہ احتجاج، جلسے یا دھرنے کے دوران ہونے والے نقصان کی (بقیہ نمبر 2 8)

دکانداروں کی فکسڈ ٹیکس اسکیم میں عدم دلچسپی

9806 تاجروں نے ریٹرن تیار کرکے بھی جمع نہ کرائے

اسلام آباد (آئی آئی پی) حکومت نے تاجر رہنماؤں سے دکانداروں میں فکسڈ ٹیکس اسکیم کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے میں کردار ادا کرنے کی اپیل کردی، تاہم اسکیم کے تحت اب تک صرف 3 نئے دکانداروں نے ریٹرن جمع کرائے ہیں، جبکہ 9806 دکانداروں نے ریٹرن تیار کرکے ایف بی آر میں جمع نہیں کرایا۔ حکومت نے (بقیہ نمبر 2 9)

اسلام آباد کے تھانہ کوہسار، شالیمار اور سیکرٹریٹ کا دورہ

پولیس افسران و جوانوں کی سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانیوالی پولیس سروسز کا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد نے تھانہ کوہسار، شالیمار اور سیکرٹریٹ کا دورہ کرکے تھانہ جات میں (SIPS) پروٹوکولز کے تحت جاری ترقیاتی امور، پولیس افسران و جوانوں کی سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سروسز کا معائنہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے تھانہ کوہسار، (بقیہ نمبر 2 5)

لاہور: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اپنے حلقے کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد نہیں کرایا جاسکتا، وزیر پیٹرولیم

ریاست کمزور نہیں، مشکل کی اس گھڑی میں وزیراعظم اور حکومت ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے گی، علی پرویز ملک

10 ماہ تک یہ نظام چلانا پڑا تو حکومت بجٹ سے 400 سے 500 ارب روپے کم کرکے عوام پر خرچ کریگی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان سے بڑھ کر نہ کسی کا وجود ہے اور نہ سیاست ہے، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد کرایا جاسکتا ہے تو ریاست اتنی کمزور نہیں ہے۔ اپنے حلقہ انتخاب میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا مشکل کی اس گھڑی میں وزیراعظم اور حکومت ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے گی، اگر 10 ماہ تک یہ نظام چلانا پڑا تو حکومت اپنے بجٹ سے 400 سے 500 ارب روپے کم کرکے عوام پر خرچ کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے موٹر (بقیہ نمبر 4 6)

لاہور: وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی ہیڈ کوارٹر میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

طالبہ کے ساتھ نازیبا حرکات کرنے والے سکول چوکیدار گرکے خلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (آئی آئی پی) تھانہ دھمیال کے علاقے گرجا روڈ پر واقع نجی سکول میں 8 سالہ طالبہ سے مبینہ ہراسانی اور نازیبا حرکات کے الزام میں پولیس نے چوکیدار کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقدمہ متاثرہ بچی کے والد کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق بچی گزشتہ چند روز سے سہمی ہوئی تھی اور کھانا بھی ٹھیک سے نہیں کھا رہی تھی جبکہ سکول جانے کا کہا جاتا تو رونے لگتی تھی۔ والد کے مطابق بچی کو پیار (بقیہ نمبر 4 7)

راولپنڈی اسلام آباد کے بعض علاقوں میں انٹرنیٹ سروسز متاثر

راولپنڈی (آئی آئی پی) راولپنڈی اور اسلام آباد کے بعض علاقوں میں انٹرنیٹ سروس متاثر ہوگئی، پی ٹی اے حکام نے انٹرنیٹ سروس متاثر ہونے کی تصدیق کردی۔ پی ٹی اے حکام کا کہنا ہے کہ ایک آپریٹر کیبنٹ ورک میں آپٹیکل فائبر کیبل کٹنے کے باعث انٹرنیٹ سروس متاثر ہوئی، بعض سروس فراہم کرنے والے اداروں کی ملحقہ علاقوں میں بھی انٹرنیٹ سروس جزوی طور پر متاثر ہوئی ہے۔ پی ٹی اے کے مطابق متاثرہ نیٹ ورک کی بحالی کے لیٹیٹ (بقیہ نمبر 48)

سینئر پولیس افسران کا چرچ و دیگر اہم مقامات کا دورہ

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، سی پی او راولپنڈی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران نے چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سیکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران نے چرچز (بقیہ نمبر 3 9)

4 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کرکے چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے دو ملزمان گرفتار کرکے 1 کلو 480 گرام چرس اور 20 لیٹر شراب برآمد کی، صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 8 لیٹر شراب برآمد کی، چکلالہ پولیس نے ایک ملزم (بقیہ نمبر 2 6)

بیوہ خاتون کے گھر سے چوری کا معمہ کا حل کرلیا گیا

ملزمہ رشتہ دار نکلی، ساڑھے 4 تولے مسروقہ طلائی زیورات و رقم برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مندرہ پولیس نے بیوہ خاتون کے گھر سے چوری کا معمہ کا حل کرلیا، ملزمہ رشتہ دار نکلی، ساڑھے 4 تولے مسروقہ طلائی زیورات و رقم 7 لاکھ 50 ہزار روپے اور موبائل فون برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بیوہ خاتون کے گھر سے چوری کا معمہ حل کردیا، ملزمہ اپنی رشتہ دار نکلی، زیر حراست ملزمہ سے ساڑھے 4 تولے مسروقہ طلائی زیورات و رقم 7 لاکھ (بقیہ نمبر 4 0)

راولپنڈی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاری گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا، اشتہاریوں نے معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے شہری کو زخمی کیا تھا، صادق آباد پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کرلیا۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2 7)

تنک پل پر ہنگامہ آرائی، 250 افراد کے خلاف مقدمہ درج

حضرو (این این آئی) اٹک پل پر نصب رکاوٹیں دریا میں پھینکنے، سرکاری سامان چوری کرنے، کار سرکار میں مداخلت اور پولیس پر پتھراؤ کے الزام میں 250 نامعلوم افراد کے خلاف آٹھ دفعات کے تحت تھانہ اٹک خورد میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق اے ایس آئی تھانہ اٹک خورد محمد فیضان نے ایف آئی آر درج کرائی ہے کہ وہ سب انسپکٹر حامد نعیم (بقیہ نمبر 3 0)

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات، اے سی چوآسیدن شاہ محمد اقبال نوٹس لیں

آبادی کے قریب کوئلہ کریشر پلانٹس کی تنصیب پر شہری سراپا احتجاج

فوجی فاؤنڈیشن سکول کے قریب کریشر پلانٹس کی تنصیب

شہداء کے بچے زیر تعلیم اور ہاسٹل میں مقیم، شہریوں کا کارروائی کا مطالبہ

*چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ میں کوئلہ کریشر پلانٹس کی شہر سے منتقلی کے بعد انہیں سرائیں چوک سے آگے بشارت روڈ پر رہائشی آبادی اور تعلیمی ادارے کے قریب نصب کیے جانے پر مقامی شہریوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق انتظامیہ کی جانب سے ضبط کی گئی کوئلہ کریشر مشینیں بشارت روڈ پر منتقل کرکے نصب کی گئی ہیں، جبکہ مذکورہ مقام کے گردونواح میں بڑی تعداد میں لوگ رہائش پذیر ہیں اور چند سو فٹ کے فاصلے پر فوجی فاؤنڈیشن سکول قائم ہے جہاں بڑی تعداد میں طلبہ و طالبات زیر (بقیہ نمبر 4 1)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا مختلف گرجا گھروں کا دورہ

سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، فرائض پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کرکے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، سکیورٹی کے فرائض پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں موجود (بقیہ نمبر 4 2)

اسلام آباد: ڈی آئی جی اسلام آباد کچہری کے دوران شہری کے مسائل سن افسران کو حل کیلئے احکامات جاری کر رہے ہیں

پاک بحریہ ''ہنگور'' کا شمالی بحیرہ عرب میں کامیاب میزائل فائرنگ کا مظاہرہ

پی این ایس/ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والے اینٹی شپ کروز میزائل کا پہلا کامیاب لائیو تجربہ کیا ہے

سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے پی این ایس/ایم ہنگور کی جنگی صلاحیت اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کرلی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پی این ایس/ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا، میزائل نے مقررہ ہدف کو انتہائی درستگی سے نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے لائیو ویپن فائرنگ کا (بقیہ نمبر 3 1)

پنجاب میں اے آئی کریکولم اور ٹریننگ انیشیٹو کا آغاز

1 لاکھ 60 ہزار سے زائد اساتذہ کو اے آئی کی تربیت دی جائیگی، علی ڈار

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مصنوعی ذہانت کے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی نظام کی جانب اہم پیش رفت، اے آئی کریکولم اور ٹریننگ انیشیٹو کا آغاز کردیا گیا۔ پروگرام کے تحت پنجاب کے 1 لاکھ 60 ہزار سے زائد اساتذہ کو اے آئی کی تربیت دی جائے گی تاکہ وہ جدید ٹیکنالوجی کو تدریس اور طلبہ کی تعلیمی ضروریات کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کر سکیں۔ مشیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے اے آئی و خصوصی اقدامات علی (بقیہ نمبر 3 2)

کاروباری اصلاحات کے ذریعے سرمایہ کاری کا فروغ

سیکرٹری ایس آئی ایف سی کی عالمی بینک کے وفد سے اہم ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کاروباری ماحول اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے اصلاحات جاری ہیں اسی سلسلے میں سیکریٹری ایس آئی ایف سی کی عالمی بینک کے وفد سے اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں آسان کاروبار فریم ورک اور پاکستان بزنس پورٹل کے ذریعے کاروباری قوانین آسان بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عالمی بینک نے ایس آئی ایف سی کے جامع طریقہ کار کو سراہتے ہوئے مسلسل (بقیہ نمبر 3 4)

ایک دن میں ایک کروڑ خرچ، ڈکی بھائی اور عروب جتوئی کو تنقید کا سامنا

سوشل میڈیا صارفین نے دولت کی نمائش کو نامناسب قرار دیدیا، وی لاگ پر ملا جلا ردعمل

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف یوٹیوبر ڈکی بھائی اور ان کی اہلیہ عروب جتوئی ایک نئے وی لاگ کے بعد سوشل میڈیا پر شدید تنقید کی زد میں آگئے ہیں، جس میں عروب نے ایک ہی دن میں ایک کروڑ روپے خرچ کرنے کا چیلنج لیا۔ وی لاگ میں عروب جتوئی نے بتایا کہ انہوں نے پہلے ایک لگژری ریسٹورنٹ میں کھانا کھایا جہاں بل تقریباً 50 ہزار روپے (بقیہ نمبر 3 6)

کوہاٹ پولیس لائنز حملہ، دہشتگردوں کی ریکی اور سہولت کاری کے شواہد سامنے آگئے

پشاور (این این آئی) کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش حملے سے متعلق محکمہ انسداد دہشتگردی کی تفتیشی ٹیم کی رپورٹ میں دہشت گردوں کی جانب سے حملے سے قبل کئی بار ریکی اور سہولت کاروں کی مدد حاصل کرنے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشتگردوں نے پولیس لائنز تک پہنچنے کے لیے بارودی مواد سے بھری گاڑی (بقیہ نمبر 33)

ایف آئی اے کی ایک ہی واقعے پر دوبارہ انکوائری غیر قانونی قرار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایف آئی اے کو ایک ہی واقعے اور الزامات پر دوبارہ انکوائری سے روک دیا۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے میر اویس کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ پرانے الزامات پر نئی انکوائری نہیں کی جاسکتی۔ فیصلے کے مطابق ایف آئی اے ایبٹ آباد پہلے ہی اسی واقعے اور الزامات کی انکوائری مکمل کرکے معاملہ بند کرچکی تھی۔ پہلی انکوائری رپورٹ کی بنیاد پر مکمل کی گئی اور اسے باقاعدہ طور پر بند کردیا گیا تھا۔ وکیل کے مطابق پہلی (بقیہ نمبر 3 5)

مزدوروں کے مطالبات پر مشتمل چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کردیا

روزمرہ کی بنیادوں پر چارٹر آف ڈیمانڈ پر میٹنگز کو یقینی بنایا جائے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین نے بطور نمائندہ یونین ملازمین کے مطالبات پر مشتمل قومی صنعتی تعلقات ایکٹ 2012 کے تحت سی ڈی اے انتظامیہ کو چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کردیا اس حوالے سے خصوصی تقریب سی ڈی اے سیکرٹریٹ میں منعقد ہوئی، جس میں چیئرمین سی ڈی اے لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف، ممبر ایڈمن اسفند یار بلوچ، ڈائریکٹر لیبر ریلیشن آصف علی خان، ڈپٹی ڈائریکٹر انچ آر ڈی اکرم آرائیں، سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یسین، صدر اورنگزیب (بقیہ نمبر 4 4)

اسلام آباد، گزشتہ ہفتے 217 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد، سرچ آپریشنز 2576 افراد کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گزشتہ ہفتے 217 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا جبکہ مختلف سرچ آپریشنز کے دوران 2576 افراد، 986 گھروں، 237 دکانوں، 93 ہوٹلز، 1216 موٹر سائیکلوں اور 488 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم (بقیہ نمبر 4 5)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ریلوے سسٹم میں موجود تمام سکریپ کو 31 دسمبر تک ڈسپوز کرنے کا فیصلہ

وزیر ریلوے کی زیر صدارت اجلاس، فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر کی جانب سے ٹریک سے متعلق بریفنگ، تجاویز پیش کی گئیں

تمام ڈی ایمز کو 20 اکتوبر تک تجاویز پر عملدرآمد کی ہدایت، تجاوزات کیخلاف کسی طرح کا دباؤ قبول نہیں کروں گا، حنیف عباسی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا جس میں فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر کی جانب سے ریلوے ٹریک سے متعلق تفصیلی بریفنگ اور تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس میں وزیر ریلوے نے تمام ڈی ایمز کو 20 اکتوبر تک تجاویز پر عملدرآمد کی ہدایت کردی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 25 دسمبر تک روہڑی جنکشن کی اپ گریڈیشن مکمل کردی جائے گی۔ اجلاس میں 31 دسمبر تک ریلوے سسٹم میں موجود تمام سکریپ کو ڈسپوز کرنے کا فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 5 1)

کراچی: وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے کے اہم حصے موسمیات فلائی اوور کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہولی فیملی ہسپتال میں کیرو ابلیشن سے کینسر کا مفت علاج شروع

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی کے ہولی فیملی ہسپتال میں کیرو ابلیشن مشین کے ذریعے کینسر کے علاج کا آغاز کردیا گیا ہے۔ اس جدید علاج کے لیے 15 پروب ہسپتال پہنچ گئے ہیں۔ ایک پروب کی مالیت 16 لاکھ روپے ہے اور ہر پروب صرف ایک مریض کے علاج کے لیے استعمال ہوگا۔ راولپنڈی کے چار ہسپتالوں میں کیرو ابلیشن کے لیے کینسر مریضوں کے کیسز فلٹر کرنے کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔ لیور، لنگز، بریسٹ اور کڈنی کے کینسر (بقیہ نمبر 5 2)

فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی راولپنڈی نے پاکستان کی بہترین وومن یونیورسٹی ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی راولپنڈی نے یو آئی گرین میٹرک ورلڈ یونیورسٹی رینکنگز 2026 میں پاکستان کی بہترین وومن یونیورسٹی ہونے کا اعزاز حاصل کر لیا جبکہ دنیا بھر کی وومن یونیورسٹیز میں مجموعی طور پر دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ تازہ ترین عالمی درجہ بندی کے مطابق فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی نے سیٹنگ اینڈ انفراسٹرکچر (بقیہ نمبر 5 5)

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ داتا دربار ہسپتال کے دورے کے موقع پر انتظامی افسران سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی تفصیلات معلوم کر رہے ہیں

راولپنڈی، اسلام آباد میں انٹرنیٹ سروس مکمل بحال

ایک ٹیلی کام آپریٹر کے نیٹ ورک میں آپٹیکل فائبر کیبل کٹنے سے سروس متاثر ہوئی تھی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں موبائل ڈیٹا اور وائی فائی سروس اب معمول کے مطابق کام کر رہی ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق جڑواں شہروں میں انٹرنیٹ سروس مکمل طور پر بحال کردی گئی ہے۔ پی ٹی اے (بقیہ نمبر 5 3)

سولر توانائی کا استعمال 40 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرگیا

سندھ کے ونڈ کوریڈور میں تقریباً 50 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنیکی صلاحیت ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان میں سولر توانائی کا استعمال 40 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرگیا جس سے ملک کو تقریباً 6 ارب ڈالر کی بچت ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان مسابقتی نرخوں پر چین سے سولر سسٹمز درآمد کرنے والے بڑے ممالک میں شامل ہوگیا ہے۔ ماحول دوست توانائی کے شعبے نے پاکستان میں تقریباً 20 لاکھ روزگار کے مواقع بھی پیدا کیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سندھ کے ونڈ کوریڈور میں تقریباً 50 ہزار میگاواٹ (بقیہ نمبر 5 4)

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ داتا دربار ہسپتال کے دورے کے موقع پر انتظامی افسران سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی تفصیلات معلوم کر رہے ہیں

ڈی آئی جی اسلام آباد کی کورال، کرپا، لوہی بھیر میں کھلی کچہریاں

کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی، علی وسیم

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد نے کورال، کرپا، لوہی بھیر اور ہمک میں کھلی کچہریاں کے دوران شہریوں کے مسائل کے فوری حل کی ہدایت دی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے تھانہ کورال، کرپا، لوہی بھیر اور ہمک کی حدود میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، جہاں بڑی تعداد میں شہریوں نے شرکت کی (بقیہ نمبر 4 3)

کراچی جانے والی یوسف والا کول ٹرین خیر پور کے قریب پٹڑی سے اتری ہوئی ہے

لاہور: ایک شخص نے دہلی گیٹ کے باہر گھریلو استعمال کی اشیاء کا سٹال لگا رکھا ہے۔

پاک حج ایپ پر عازمین حج کی سہولت کے متعدد فیچرز متعارف

پاک حج ایپ یا حج پورٹل پر دوبارہ اب لوڈ کرنا لازمی ہے، سمندر پار پاکستانی بھی اپنے نزدیکی ڈاکٹر سے فٹنس سرٹیفکیٹ لے کر ایپ پر اپلوڈ کریں

حج پورٹل سے باہر پرائیویٹ حج کی بکنگ یا ادائیگی کی ممانعت ہے، پرائیویٹ حج اسکیم میں 26 ہزار درخواستیں مکمل، 45 ہزار نشستیں موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے پاک حج ایپ پر عازمین حج کی سہولت کے متعدد فیچرز متعارف کروا دیے اس حوالے سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق اب عازمین حج کو گھر بیٹھے پیکیج دورانیہ اور رہائش میں ترمیم کی سہولت میسر ہوگی۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ اب ٹو بیڈ، تھری بیڈ، فیملی روم یا شیئرنگ رہائش کا انتخاب گھر بیٹھے ہی ممکن ہوگا اور لانگ پیکیج کو شارٹ یا شارٹ کو لانگ پیکیج میں تبدیل کرنے کی سہولت بھی گھر بیٹھے مل جائے گی۔ پاک حج ایپ سے میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ (بقیہ نمبر 5 6)

سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا سرمایہ افتخار ہیں

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے متعدد دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے کامیاب خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کی تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے متعدد دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے کامیاب آپریشنز کرکے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم (بقیہ نمبر 5 7)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-

اسلام آباد، خاتون کو گھر کے اندر قتل کردیا گیا، فرار ملزم کی تلاش جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں خاتون کو گھر کے اندر قتل کردیا گیا۔ اہل علاقہ کے مطابق تھانہ کٹھہ کی حدود میں واقع برماٹان میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس میں ملزم نے گھر میں گھس کر خاتون کی جان لے لی۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی جس کا کہنا تھا کہ مقتولہ کی شناخت نازیہ کے نام سے ہوئی ہے اور اس کی عمر 35 سال بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش کے مطابق خاتون کو اس کے شوہر کے ماموں زاد نے (بقیہ نمبر 3 8)

لاہور شہری انارکلی چوک میں لگے سٹالز پر کتابیں دیکھ رہے ہیں